ABC CERTIFEID | وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | منگل 18 اگست 2026ء 4 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 344

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پٹرول 5.77، ڈیزل 6.47 روپے لیٹر مہنگا

اسلام آباد (نامہ نگار) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹی فکیشن جاری کردیا۔ اوگرا نے 18 اگست کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا نوٹی فکیشن جاری کیا جس کا اطلاق رات 12 بجے سے ہوگا۔ حالیہ اضافے کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 331 روپے 20 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 390 روپے 42 پیسے کی سطح پر پہنچ گئی۔

27 ستمبر مارچ ملک کی تقدیر بدل دیگا، سہیل آفریدی

پختونخوا کے عوام کو کیڑے مکوڑے سمجھنے کی روش مزید قبول نہیں کرینگے عمران قوم کیلئے ناحق قید و بند کی صعوبتیں برداشت کررہے ہے: وزیراعلیٰ پختونخوا

ہم اپنے لیڈر کی رہائی کیلئے نکلیں گے، حقیقی آزادی کی جدوجہد میں عدلیہ اور میڈیا کی آزادی بھی بحال کرنا ہوگی، سٹریٹ موومنٹ ریلی سے خطاب

کوہاٹ، بنوں (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کے لانگ مارچ کیلئے بھرپور اور بہترین تیاری کی جائے گی اور اس مرتبہ ملک وقوم کی تقدیر اور تاریخ دونوں بدل دیں گے، پختونخوا گزشتہ دو دہائیوں سے تجربہ گاہ بنا ہوا ہے اور صوبے کے عوام کو کیڑے مکوڑے سمجھنے کی روش مزید قبول نہیں کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بنوں پہنچنے پر پی ٹی آئی کی 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے سلسلے میں منعقدہ سٹریٹ موومنٹ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پی ٹی آئی پختونخوا کے صدر جنید اکبر سمیت ارکان پارلیمنٹ و پارٹی رہنما، کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ 27 ستمبر کے مارچ کے لیے بھرپور تیاری کرنا ہوگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

آزاد کشمیر مسلم لیگ ن کی پوزیشن مزید مستحکم، ساجد اقبال عباسی کا نئی حکومت کی حمایت کا اعلان

ریاستی اسمبلی میں مسلم لیگ ن کے ارکان کی تعداد 26 ہوگئی پیپلز پارٹی 12 ارکان کیساتھ دوسرے نمبر پر

دھیرکوٹ کی تعمیر وترقی کے لیے ساتھ مل کر کام کریں گے، مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ

مظفرآباد: (نمائندہ۔شہرنامہ) آزاد کشمیر کے حلقہ ایل اے 14 دھیرکوٹ سے کامیاب عوامی دستِ بازو کے رکن اسمبلی ساجد اقبال عباسی نے مسلم لیگ ن کے ساتھ اتحاد اور نئی حکومت کی حمایت کا اعلان کردیا، جس سے حکومت سازی کے لیے مسلم لیگ ن کی پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی۔ ساجد اقبال عباسی کے بعد مسلم لیگ ن کے ارکان کی تعداد 26 ہوگئی جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف گیلانی کو اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم پھول پیش کر رہے ہیں

زیڈ والٹ شہریوں کیلئے مالیاتی خدمات کو آسان بنانے کی جانب قدم، عطا تارڑ

حکومت کیش لیس معیشت کے قیام کیلئے ٹیکنالوجی اور مالی خدمات کے انضمام پر یقین رکھتی ہے، ،وزیر اطلاعات

زیڈ والٹ کا آغاز شہریوں کے لئے مالیاتی خدمات کو آسان بنانے کی جانب اہم قدم، زونگ، جے ایس بینک کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت مالی شمولیت کے فروغ، شفافیت کو یقینی بنانے اور کیش لیس معیشت کے قیام کے لئے ٹیکنالوجی اور مالیاتی خدمات کے انضمام پر یقین رکھتی ہے، حکومت کا وژن شہریوں کو جدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود خان ملاقات کررہے ہیں

جنگ بندی کی مدت ختم

ایران ہتھیار ڈال دے، ٹرمپ

اگر ایران کے ساتھ آبنائے ہرمز کے معاملے میں امریکی کوششوں کی راہ میں رکاوٹ ڈالی تو امریکا عمان پر شدید بمباری کرسکتا ہے، امریکی صدر

ایرانی قیادت اچھے پوکر کھلاڑی، انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جنگ میں امریکا کا صرف مونگ پھلی کے دانے جتنا اسلحہ استعمال ہوا، صحافی کو انٹرویو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور ایران کے ساتھ جنگ بندی کی مفاہمتی یادداشت کی 60 روزہ میعاد ختم ہونے پر پالیسی بیان جاری کیا۔ فوکس نیوز کے صحافی ٹری ینگسٹ کو انٹرویو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر عمان نے ایران کے ساتھ آبنائے ہرمز کے معاملے میں امریکی کوششوں کی راہ میں رکاوٹ ڈالی تو امریکا عمان پر شدید بمباری کرسکتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر عمان راستے میں آیا تو امریکا اسے بُری طرح بمباری کا نشانہ بنائے گا۔ یہ دھمکی خلیجی ریاست عمان کے لیے خاص طور پر غیر معمولی ہے کیونکہ مسقط خطے میں امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی رابطوں اور ثالثی کے لیے اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ امریکی صدر نے ایران سے ایک بار پھر ہتھیار ڈال کر امن کی علامت سفید جھنڈا لہرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی قیادت اچھے پوکر کھلاڑی ہیں تاہم ان کے بقول ایران کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ امریکا اور ایران کے درمیان 60 روزہ جنگ بندی کے مفاہمتی یادداشت کی مدت ختم ہونے پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے معاملے میں کوئی مقررہ ٹائم ٹیبل نہیں اور وہ جلد بازی میں بھی نہیں ہیں البتہ بنیادی ترجیح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود کی ملاقات

اسلام آباد (اے پی پی): وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

دھرنے جاری، لیوی بھتہ قبول نہیں پٹرول 225 روپے لیٹر کیا جائے، نعیم الرحمان

دھرنے پرامن طریقے سے جاری رہیں گے، شہری ان دھرنوں میں آئیں اور بتائیں کہ یہ لیوی بھتہ قبول نہیں ہے

حکومت فوری پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کرے، مہنگائی کا بوجھ عام آدمی کے کندھوں سے ہٹانا حکومت کی ذمہ داری ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے اسپیکر جی بی اسمبلی عمران ندیم ملاقات کررہے ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرولیم لیوی کیخلاف جماعت اسلامی کے دھرنے دوسرے روز بھی جاری ہیں، حافظ نعیم الرحمان نے مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کردیا۔ لاہور میں وزیر اعلیٰ ہاؤس جبکہ کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنوں میں کارکنان دوسرے روز بھی موجود ہیں۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم نے لاہور میں دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ یہ دھرنے پرامن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

وفاقی آئینی عدالت کا کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں فیصلہ

سپر ٹیکس کیخلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ کو قانون کے مطابق بالکل جائز قرار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں بڑا فیصلہ جاری کردیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں ایک بڑا فیصلہ سناتے ہوئے سپر ٹیکس کے خلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کراچی، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان کے علاقے کلی زائیک زیارت ہرنائی میں آپریشن 6 دہشتگرد ہلاک، 3 زخمی

دہشگردوں سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برآمد، کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی ذرائع

دہشت گردی کے مکمل خاتمے، دیرپا امن کے قیام تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں، سیکیورٹی فورسز

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے علاقے کلی زائیک جبکہ زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں فتنۃ الہندستان کے دہشگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں کلی زائیک اور کاغلی کے درمیان دہشت گردوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

جو مرضی کرلو سندھ میں صوبہ نہیں بنے گا، سعید غنی

ایم کیو ایم کے تین چار لوگوں کی حیثیت کیا، یہ ایک دوسرے کیساتھ بیٹھنا نہیں چاہتے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ آئی ایس پی آر کا کام نہیں ہے کہ صوبے بنائے، یہ اسمبلیوں کا کام ہے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ میں بڑے عرصے کے بعد یکجہتی پیدا ہوئی ہے، کچھ اینکرز جاہلانہ باتیں کرتے ہیں، یہ جو بھی ٹی وی پر بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں ان کو سوچنا چاہیے۔ سندھ کے عوام کا ایک الگ رشتہ ہے یہ بات کسی کو سمجھ میں نہیں آرہی۔ سعید غنی نے کہا کہ جو مرضی ہے کرلو سندھ میں صوبہ نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دینگے، ٹرمپ

ایرانی آرمی چیف کا امریکی فوجیوں کو ہلاک یا گرفتار کرنے پر انعام کا اعلان

واشنگٹن، تہران (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ایران کو کسی بھی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روکنا امریکا کی ہمیشہ اولین ترجیح رہے گا۔ دوسری جانب ایرانی آرمی چیف جنرل امیر حاتمی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

کوٹ ادو واقعے میں مزید 2 بچوں کی نعشیں مل گئیں

کوٹ ادو (آئی این پی) پنجاب کے شہر کوٹ ادو میں باراتیوں سے بھرا لوڈر رکشہ مظفرگڑھ کینال میں گرنے کے المناک واقعے کے بعد ریسکیو ٹیموں نے کینال سے مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

28 ماہ میں وفاقی قرضوں میں 18 ہزار ارب سے زائد کا اضافہ

قرضوں میں اوسطاً ہر روز 22 ارب روپے سے زائد کا اضافہ ہوا، دستاویزات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت کے ابتدائی 28 ماہ کے دوران قرضوں میں 18 ہزار 832 ارب روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی دستاویزات کے مطابق مارچ 2024 سے جون 2026 کے 28 ماہ کے دوران وفاقی حکومت کے مقامی قرضے میں 16 ہزار 766 ارب روپے اور بیرونی قرضے میں 2 ہزار 66 ارب روپے کا اضافہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پشاور: فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید، ڈرائیور زخمی

پشاور (آئی این پی) پشاور کے علاقے چمکنی میں فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار جاں بحق جبکہ ان کا ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ رات پیش آیا جبکہ قتل کا مقدمہ مقتول اہلکار کے بھائی کی مدعیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ٹرمپ ایران کیخلاف جنگ میں حصہ نہ لینے پر جنوبی کوریا سے ناراض

پینٹاگون سربراہ کو جنوبی کوریا کے ساتھ فوجی مشقیں کم کرنے کی ہدایت کردی گئی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ میں حصہ نہ لینے پر جنوبی کوریا سے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے سیئول کے ساتھ فوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

پاکستان چین اسپورٹس فٹ ویئر تعاون کے معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (آئی این پی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان چین اسپورٹس فٹ ویئر تعاون کے معاہدے پر دستخط کردیئے گئے، یہ معاہدہ پاکستان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

نئے صوبوں کا قیام فیلڈ مارشل کا ویژن ہے، مصطفیٰ کمال

مقتدرہ کو ادراک ہو چکا ہے کہ نئے صوبے پاکستان کی ضرورت ہیں، وفاقی وزیر

کراچی (صباح نیوز) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ایم کیو ایم کا مطالبہ نہیں فیلڈ مارشل کا وژن ہے۔۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کراچی میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان کے موجودہ صوبوں کی آبادی بہت زیادہ ہے۔ مزید انتظامی یونٹس کی ضرورت ہے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، وفاقی وزیر مصدق ملک سے صدر اور سی ای او جے ایس بینک ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے برطانوی ہائیکورٹ کے جج مارٹن گرفتن ملاقات کررہے ہیں

امریکہ معاہدے پر عمل کے بعد آبنائے ہرمز کھلے گی، پاسداران انقلاب

جنگ کا خاتمہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے مطابق ہونا چاہیے

تہران (آئی این پی) ایرانی پاسداران انقلاب کے سیاسی نائب یداللہ جوانی نے کہا ہے: جنگ کا خاتمہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے مطابق ہونا چاہیے اور آبنائے ہرمز اسی وقت کھولی جائے گی جب امریکہ اس مفاہمتی یادداشت کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گا۔ ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے سے وابستہ ینگ جرنلسٹس کلب کو دیئے گئے انٹرویو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

امریکی صدر ٹرمپ کا مکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم

دلیرانہ اور اہم قدم قرار دے دیا، مشرق وسطیٰ اکٹھا ہو رہا ہے، ٹروتھ سوشل پر بیان

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے تاریخی مکہ جوائنٹ ڈیفنس اگریمنٹ کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے علاقائی سلامتی کے لیے بڑا، دلیرانہ اور اہم پہلا قدم قرار دیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth Social پر پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ میں بہت خوش ہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

عراق میں کردستان ریجن کے وزیر اعظم کے دفتر پر دو ڈرون حملے

بغداد (آئی این پی) عراق میں کردستان ریجن کے وزیراعظم کے دفتر پر دو ڈرون حملے کئے گئے۔ کردستان کے وزیراعظم مسرور بارزانی نے ایران پر ڈرون حملوں کا الزام عائد کردیا اور کہا ہے ایرانی حملے خطے کی سلامتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے مصر کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

پنجاب بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں آخری مرحلے میں داخل

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پولنگ کی تاریخ طے کرنے کیلئے پنجاب حکومت کو بلا لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تیاریاں آخری مرحلے میں داخل ہوگئی ہیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پولنگ کی تاریخ طے کرنے کیلئے پنجاب حکومت کو بلا لیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے حوالے سے اہم فیصلہ 20 اگست کو ہونے والے اجلاس میں کیا جائے گا۔ پنجاب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

حماس نے ٹرمپ امن منصوبے پر عمل درآمد کا مطالبہ

مقبوضہ بیت المقدس (صباح نیوز) حماس نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے امن وفد سے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیل کو غزہ کے لیے پیش کیے گئے امن منصوبے کو قبول کرنے اور اس پر عمل درآمد کے لیے مجبور کیا جائے۔ یہ مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پاک چین بزنس ٹو بزنس تعاون سرمایہ کاری کا ذریعہ بنے گا، ہارون اختر

وزیراعظم کے دورہ چین اور بزنس ٹو بزنس کانفرنسز نے پاکستان اور چین مابین اقتصادی تعاون کیلئے نئے مواقع اور راستے کھولے ہیں

حکومت پاکستان عملی سرمایہ کاری، مشترکہ پیداوار، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور برآمدات میں اضافے میں تبدیل کرنے کیلئے پرعزم ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار اور وفاقی وزیر ہارون اختر خان کی زیر صدارت پاک چین بزنس ٹو بزنس (B2B) تعاون اور دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) پر عملدرآمد کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام متعلقہ وزارتوں، محکموں، سرکاری اداروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

کسی کو سندھ سے مخالفت نہیں کارکردگی پر بات ضرور ہوگی، عظمیٰ بخاری

سندھ میں پنکھوں سے لیکر امتحانی مراکز تک بکے، بغیر ثبوت پریس کانفرنسز پر سوال کیا جائے تو اسے سیاسی انتقام قرار دینا درست نہیں

جن کے صوبے میں ایک سڑک پر 8 ارب کی کرپشن ہوجاتی ہے وہ پنجاب سے سوال کرتے ہیں، وزیر اطلاعات کا ردعمل

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کو سندھ سے کوئی مخالفت نہیں، تاہم اگر کسی کو پنجاب کی کارکردگی طعنے کی طرح محسوس ہوتی ہے تو کارکردگی پر بات ضرور ہوگی۔ صوبائی دارالحکومت سے جاری اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ بغیر کسی ثبوت کے کرپشن کے الزامات لگانے والوں کو عدالتوں میں بھی لے جایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر بغیر ثبوت پریس کانفرنسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پشاور ہائیکورٹ کے چار مستقل ہونے والے ججز نے حلف اٹھالیا

چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے ججز سے حلف لیا

پشاور (صباح نیوز) پشاور ہائیکورٹ کے چار مستقل ہونے والے ججز نے حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب پشاور ہائیکورٹ میں منعقد ہوئی جہاں چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے ججز سے حلف لیا۔ حلف اٹھانے والے ججز میں جسٹس فرح جمشید، جسٹس ثابت اللہ، جسٹس انعام خان اور جسٹس اورنگزیب خان شامل ہیں۔ حلف اٹھانے کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم تارڑ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

راولپنڈی: موٹروے پر گاڑیاں ٹکرا گئیں، 1 شخص جاں بحق

30 زخمی، حکام کے مطابق حادثہ ممکنہ طور پر شدید بارش کے باعث پیش آیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایم ٹو موٹروے پر کیپیٹل اسمارٹ سٹی کے قریب شدید بارش کے باعث خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں بس سمیت متعدد گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت شمس الرحمان ولد محمد سلیمان کے نام سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، سول سروسز اکیڈمی لاہور کے وفد کا وفاقی آئینی عدالت دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

پنجاب حکومت کا جی پی فنڈ پر منافع کی شرح کا اعلان

نئی شرح کا اطلاق مالی سال 2025-26 کے دوران جنرل پراویڈنٹ فنڈ پر ہوگا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے مالی سال 2025-26 کے لیے سرکاری ملازمین کے جنرل پراویڈنٹ فنڈ (جی پی فنڈ) پر منافع کی شرح کا اعلان کردیا۔ محکمہ خزانہ پنجاب کے مطابق جی پی فنڈ پر سالانہ 12.05 فیصد منافع دیا جائے گا، نئی شرح کا اطلاق مالی سال 2025-26 کے دوران جنرل پراویڈنٹ فنڈ پر ہوگا۔ گزشتہ مالی سال 2024-25 میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

بلوچستان ہائیکورٹ، زیارت پولیس حملہ کی تحقیقات کیلئے کمیشن قائم

تحقیقاتی کمیشن بلوچستان ٹربیونل آف انکوائریز آرڈیننس 1969 کے تحت قائم کیا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان ہائی کورٹ نے زیارت میں پولیس پر دہشت گرد حملے کی تحقیقات کے لیے تحقیقاتی کمیشن قائم کر دیا۔ تحقیقاتی کمیشن بلوچستان ٹربیونل آف انکوائریز آرڈیننس 1969 کے تحت قائم کیا گیا ہے، جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ کو تحقیقاتی کمیشن کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے، کمیشن زیارت میں ڈی آئی جی آفس کے قریب ہونے والے دہشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

فتنۃ الہندوستان دہشگردوں کو مالی معاونت کے مزید شواہد آگئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فتنۃ الہندوستان کی سوشل میڈیا پر جدید طرز پر سینمیٹک ویڈیو نے کئی حقائق ایک مرتبہ پھر آشکار کر دیے ہیں۔ فتنۃ الہندوستان کی جدید ڈرون زومز، مختلف زاویوں سے ریکارڈنگ، ہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ کے لیے خصوصی ڈیسک قائم

مارکیٹ ڈیسک بانڈز، پرائیویٹ پلیسمنٹ اجرا میں رہنمائی فراہم کریگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس ای سی پی نے کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ کے لیے خصوصی ڈیسک قائم کر دی۔ خصوصی ڈیسک کارپوریٹ ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراء میں کمپنیوں اور مارکیٹ کے شراکت داروں کو سہولت فراہم کرے گا۔ کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ ڈیسک بانڈز، صکوک، پبلک آفرنگ اور پرائیویٹ پلیسمنٹ کے اجراء میں رہنمائی فراہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ہمسایہ ممالک میں مداخلت پراکسیز کی حمایت بھارت کو مہنگی پڑ گئی

نئی دلی (صباح نیوز) مودی سرکار کو ایک اور سفارتی دھچکا، بنگلہ دیشی وزیراعظم کا بھارتی پراکسی شیخ حسینہ کی حوالگی تک بھارت جانے سے انکار، ہمسایہ ممالک میں مداخلت، خطے میں عدم استحکام اور ریاستی سرپرستی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیوایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

جنگ انسانی تباہی کی نوبت لاسکتی!

ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے ساتھ مستقبل میں کسی بھی قسم کے مذاکرات کے امکان کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ وہ صدر ٹرمپ کی صدارتی مدت ختم ہونے تک واشنگٹن کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں کریں گے۔ اس حوالے سے ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر اور چیف مذاکرات کار باقر قالیباف کے مشیر ماجد شاکری نے سوشل میڈیا پر جاری کئے گئے اپنے بیان میں واضح کیا کہ ٹرمپ ایران کے ساتھ کسی معاہدے پر نہیں پہنچیں گے اور اپنی موجودہ حکمت عملی پر ہی کاربند رہیں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی عوامی سطح پر تصدیق کرنا سراسر حماقت ہوگی لہذا ایران کے طریقہ کار میں انکار، ابہام اور سٹریٹجک صبر شامل ہونا چاہیئے۔ دوسری جانب امریکی تھنک ٹینک سٹمسن سنٹر کا کہنا ہے کہ امریکہ ایران کشیدگی کے حل کے لئے دنیا کی نظریں پاکستان، قطر اور عمان پر مرکوز ہیں، اسلام آباد میمورنڈم پر دباؤ کے باوجود پاکستان امریکہ اور ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش کر رہا ہے۔ پاکستان اور قطر نے امریکہ اور ایران کو جنگ بندی اور مذاکرات کی طرف واپس آنے کی مشترکہ تجویز پیش کی ہے اور ایرانی وزیر داخلہ کی حالیہ اسلام آباد آمد پاکستان کی ثالثی پر تہران کے اعتماد کا مظہر ہے۔ امریکی تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان دونوں فریقوں کے لئے قابلِ اعتماد ثالث کی حیثیت سے امریکہ ایران رابطے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس کے برعکس امریکی صدر ٹرمپ کا کہنا ہے کہ امریکہ آبنائے ہرمز کو کنٹرول کر رہا ہے، امریکی بحریہ نے پوری آبنائے کو بارودی سرنگوں سے صاف کر دیا ہے۔ اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ایران کے ساتھ مذاکرات کے بعد آئیندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں کچھ بتانے سے گریز کیا تاہم یہ عندیہ دیا کہ امریکہ ایران کے خلاف کارروائی تیز کر سکتا ہے۔ اسی طرح ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی امریکہ کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے سخت مؤقف اختیار کیا اور کہا کہ ایران نے حالیہ جنگ کے دوران دنیا کے سامنے خود کو ایک "سخت اور ناقابلِ شکست طاقت" کے طور پر ثابت کیا ہے۔ اسی اثناء میں پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی ایک بار پھر تہران کے دورے پر پہنچ گئے ہیں جنہوں نے گذشتہ روز ایران کے صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سے خطے کی صورت حال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس حوالے سے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا کہ امریکہ اور ایران معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ انہوں امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ کو انٹرویو میں کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کسی نہ کسی معاہدے یا مفاہمت کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پاکستان کے وزیر داخلہ سفارتی مشن پر تہران آئے ہیں۔ یہ انتہائی افسوسناک صورت حال ہے کہ ایک طرف پاکستان، قطر اور عمان نے امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر واپس لانے کے لئے سفارتی کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں اور دوسری جانب ان دونوں ممالک کی قیادتوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف نہ صرف تلخ اور ترش بیانات دیئے جا رہے ہیں بلکہ پانامہ کے پرچم بردار کارگوشپ پر امریکی میزائل حملہ بھی ہو گیا ہے جبکہ باب المندب میں حوثیوں نے ایک بحری جہاز پر حملہ کیا ہے جس کے نتیجہ میں دو پاکستانیوں سمیت چار افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ اس کے بارے میں حوثیوں کی تنظیم انصار کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے سعودی جہاز کو نشانہ بنایا ہے۔ اس صورت حال میں کشیدگی ایک بار پھر اس نازک مرحلے میں داخل ہو گئی ہے جہاں امن کی کوئی بھی امید فریقین کے جارحانہ بیانات، عسکری کارروائیوں اور باہمی بداعتمادی کی نذر ہو سکتی ہے۔ ایسے ماحول میں پاکستان کا بطور سہولت کار کردار غیر معمولی اہمیت اختیار کر چکا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا امن مشن کے سلسلے میں ایک بار پھر ایران کا دورہ، ایرانی قیادت سے ملاقاتیں اور صدر مسعود پزشکیان و وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ خطے کی صورت حال پر تبادلۂ خیال اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان محض بیانات تک محدود نہیں بلکہ امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لئے عملی سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے جس کا امریکی تھنک ٹینک بھی اعتراف کر رہا ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ پاکستان اور ایران نہ صرف ہمسایہ ممالک ہیں بلکہ دونوں کے امن و استحکام کا براہِ راست تعلق پورے خطے کے امن سے ہے۔ سرحدی سلامتی، دہشت گردی، تجارت، توانائی اور عوامی روابط جیسے معاملات میں دونوں ممالک کا ایک دوسرے کے ساتھ تعاون ناگزیر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد کی جانب سے تہران کے ساتھ مسلسل رابطہ استوار رکھا جا رہا ہے جو ایک ذمہ دار ہمسایہ ملک کی حیثیت سے پاکستان کی خارجہ پالیسی کا اہم تقاضا ہے۔

اس تناظر میں امریکی تھنک ٹینک کی یہ رائے بھی خاصی اہمیت کی حامل ہے کہ دنیا کی نظریں پاکستان، قطر اور عمان پر مرکوز ہیں۔ ان ممالک نے مختلف مواقع پر ایک دوسرے کے خلاف صف آرا فریقین کے مابین رابطوں اور سفارت کاری میں سہولت کاری کا کردار ادا کیا ہے چنانچہ ان کی مشترکہ سفارتی کاوشیں کسی بریک تھرو کا باعث بن سکتی ہیں۔

افسوسناک امر یہ ہے کہ جب بھی مذاکرات اور مفاہمت کی کوئی راہ ہموار ہوتی دکھائی دیتی ہے، فریقین کی جانب سے سخت بیانات، دھمکیوں یا عسکری کارروائیوں سے حالات پھر بگاڑ کی طرف چلے جاتے ہیں۔ اس صورت حال میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایرانی پاسداران انقلاب کے جارحانہ رویے خطے میں کشیدگی کم کرنے کی کوششوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ دیرپا امن، سیاسی استحکام اور معاشی خوشحالی صرف مذاکرات اور باہمی مفاہمت سے ہی ممکن ہے۔

فریقین کو احساس ہونا چاہیئے کہ باب المندب اور آبنائے ہرمز جیسے اہم بحری راستوں میں عدم تحفظ کی فضا پوری عالمی معیشت کو متاثر کر سکتی ہے۔ پاکستان خود بھی اس صورت حال کے معاشی اثرات سے محفوظ نہیں۔ دنیا پہلے ہی مہنگائی، توانائی کے بحران اور اقتصادی غیر یقینی کی صورت حال کا سامنا کر رہی ہے۔ اگر مشرقِ وسطیٰ میں جنگ کا دائرہ مزید پھیلا تو تیل کی قیمتوں، عالمی تجارت، بحری آمد و رفت اور ترقی پذیر ممالک کی معیشتوں پر اس کے تباہ کن اثرات مرتب ہوں گے۔ اس لئے امریکہ اور ایران سمیت تمام متعلقہ فریقین کو یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیئے کہ جنگ کی آگ عالمی معاشی ڈھانچے کو اپنی لپیٹ میں لے کر اس کرہ ارض پر انسانی تباہی کی نوبت لاسکتی ہے

تھانے میں خواتین کی ہلاکت کا معاملہ

پنجاب کے صوبائی دارالحکومت لاہور میں پولیس حراست میں دو خواتین کی موت کا معمہ تاحال حل نہیں ہو سکا جبکہ جوڈیشل مجسٹریٹ کی طرف سے اِس واقع کی عدالتی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ چوری اور دھوکہ دہی کے الزامات کے تحت درج ایک مقدمے میں چار اگست کو 17 سالہ آمنہ اور 22 سالہ انمول کو گرفتار کر کے لاہور کے تھانہ ٹاؤن شپ لایا گیا تھا جہاں پولیس کے مطابق ابتدائی چند گھنٹوں ہی میں دونوں خواتین کی طبیعت خراب ہوئی، اُن کی موت واقع ہو گئی۔ اہلخانہ اور پولیس کے مطابق آمنہ اور انمول کا آپس میں نند اور بھاوج کا رشتہ تھا۔ لاہور پولیس کے ایک افسر نے مقامی میڈیا کو بتایا کہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور کے احکامات کے بعد جوڈیشل مجسٹریٹ نے اِس معاملے کی انکوائری کا آغاز کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ پولیس تحویل میں کسی بھی ملزم یا جیل میں قیدی کی ہلاکت پر جوڈیشل مجسٹریٹ عدالتی تحقیقات کرتا ہے جس کی رپورٹ 30 روز کے اندر جاری کی جاتی ہے۔ پولیس افسر کے بقول اگر پوسٹمارٹم رپورٹ، جوڈیشل انکوائری یا پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کی رپورٹس میں پولیس تشدد کا معاملہ ثابت ہوا تو ذمہ داروں کے خلاف سخت محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکومت کی اتحادی سیاسی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی نے اِس واقع کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی پنجاب کے ایک رہنما کا لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اِس سے قبل لاہور کے ایک تھانے میں ذہنی طور پر معذور لڑکی کے ساتھ ریپ کے الزامات سامنے آئے تھے اور اب پولیس کی تحویل میں دو لڑکیوں کی ہلاکت نے نئے سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ اہلخانہ کا الزام ہے کہ خواتین کی موت پولیس تشدد کی وجہ سے ہوئی جبکہ لاہور پولیس اِس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے الزام عائد کرتی ہے کہ دونوں خواتین منشیات کی عادی تھیں اور اُن کی موت نشے کی زیادہ مقدار لینے کے باعث ہوئی۔

لاہور کے تھانہ ٹاؤن شپ میں پولیس حراست کے دوران دو جوان سال خواتین کی پُراسرار ہلاکت کا واقعہ نہایت تشویشناک اور سنگین سوالات کو جنم دیتا ہے۔ مقدمے کے مطابق دونوں خواتین کو چوری اور دھوکہ دہی کے الزامات کے تحت حراست میں لیا گیا تھا۔ اِس واقعے کو محض اتفاقی حادثہ قرار نہیں دیا جا سکتا، اس لئے تمام پہلوؤں سے غیر جانبدارانہ، شفاف اور فوری تحقیقات ضروری ہیں تاکہ حقیقت سامنے آ سکے۔ جرم کی نوعیت کچھ بھی ہو، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بنیادی ذمہ داری حراست میں لئے گئے افراد کی حفاظت، اُن کے انسانی حقوق کا احترام اور قانونی حدود میں رہ کر کارروائی ہے۔ حراست میں کسی شہری کی موت پولیس کارکردگی، تربیت اور تھانے کے ماحول پر سنگین سوال اٹھاتی ہے، اِسی وجہ سے واقع پر عوامی اور سیاسی سطح پر سخت ردِعمل سامنے آ رہا ہے۔ سوال یہ بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ انسانوں کو تیتر اور بٹیر کی طرح شکار کیوں کیا جا رہا ہے؟ پوسٹمارٹم پولیس نے خود کرایا اور تدفین کا انتظام بھی خود کر دیا۔ اصل سوال صرف موت کی وجہ نہیں بلکہ یہ بھی ہے کہ کیا حراست میں موجود دونوں خواتین کے انسانی حقوق محفوظ تھے اور اُن کی موت کا جواب کون دے گا؟ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز خواتین کے تحفظ اور حقوق کو ریڈ لائن قرار دے چکی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ واقعہ اُس ریڈ لائن کی خلاف ورزی نہیں، اور اگر ایسا ہے تو اُنہوں نے اب تک کیا عملی قدم اٹھایا ہے؟ متوفی خواتین کے اہلخانہ کا الزام ہے کہ دونوں کی موت تھانے میں ناروا سلوک اور مبینہ پولیس تشدد کے باعث ہوئی جبکہ لاہور پولیس کا موقف ہے کہ اُن کی موت نشے کی زائد مقدار کے استعمال سے ہوئی۔ اگر وہ نشے کی ایسی حالت میں تھیں کہ اُن کی جان کو خطرہ تھا تو پولیس نے اُنہیں بچانے اور بروقت طبی امداد فراہم کرنے کے لئے کیا اقدامات کیے؟ تھانے میں اُن کے بیٹھنے اور اُن کے تھانے سے باہر چلنے پھرنے کی ویڈیوز بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہیں جن میں وہ بظاہر ایسی حالت میں نظر نہیں آتیں کہ اُنہیں ہوش نہ ہو۔ اس لئے اہلخانہ کے الزامات کی موجودگی میں پولیس کے موقف کو محض دعوے کی بنیاد پر تسلیم کرنا مشکل ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ موت کسی پیچیدہ طبی صورتحال کا نتیجہ تھی، انتظامی غفلت یا مبینہ تشدد کا شاخسانہ؟ اِس کا فیصلہ شفاف، سائنسی اور عدالتی تحقیقات سے ہی ممکن ہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور کے احکامات پر جوڈیشل مجسٹریٹ کی انکوائری کے بجائے اس نوعیت کے معاملے کی انکوائری لاہور ہائیکورٹ کے جج کی سطح پر کرائی جانا چاہیئے تاکہ پولیس کے اثر و رسوخ سے ہٹ کر حقائق کا جائزہ لیا جا سکے۔ پولیس کی طرف سے کرائے گئے پوسٹمارٹم رپورٹ میں ابہام، تضاد یا اہم پہلوؤں کے نظرانداز ہونے کا خدشہ ہو تو ماہر ڈاکٹروں پر مشتمل غیر جانبدار میڈیکل بورڈ سے دوبارہ پوسٹمارٹم ہونا چاہیئے۔

یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے، اِس سے قبل بھی تھانوں اور پولیس تحویل میں نامناسب سلوک اور غفلت کے واقعات سامنے آتے رہے ہیں۔ ضرورت اِس بات کی ہے کہ پنجاب حکومت اور پولیس کی اعلیٰ قیادت محض روایتی تحقیقات یا بیانات تک محدود رہنے کے بجائے تھانوں کے نظام کو جدید اور شفاف بنائے۔ ہر تھانے میں زیرِ حراست افراد کی دیکھ بھال، اُن کے طبی معائنے کے مستقل انتظام اور کیمروں کی مدد سے حراستی حصوں کی نگرانی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے یقینی بنائی جانا چاہیئے تاکہ طاقت کے بے جا استعمال اور پولیس تحویل میں ہونے والی اموات کا باب ہمیشہ کے لئے بند ہو سکے۔ انصاف اور قانون کی حکمرانی کا تقاضہ ہے کہ اس واقع کی جلد از جلد جوڈیشل انکوائری کرا کے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کرایا جائے۔ اِس واقع میں اگر پولیس کی غفلت، تشدد یا لاپرواہی ثابت ہوتی ہے تو اِس میں ملوث تمام اہلکاروں اور افسروں کے خلاف بلا تفریق سخت قانونی و محکمانہ کارروائی کی جائے تاکہ مثال قائم ہو سکے۔ انصاف نہ صرف ہونا بلکہ ہوتا ہوا نظر بھی آنا چاہیئے۔



سردار شوکت محمود خان

پاکستان: ایک خواب، ایک عظیم جدوجہد اور 79 برس کی قومی استقامت و کامیابی

14 اگست پاکستان کی تاریخ کا محض ایک دن نہیں بلکہ ایک ایسے عظیم خواب کی تعبیر، ایک طویل سیاسی و فکری جدوجہد کی تکمیل اور لاکھوں انسانوں کی بے مثال قربانیوں کی یادگار ہے، جس کے نتیجے میں برصغیر کے مسلمانوں نے ایک آزاد وطن حاصل کیا۔ پاکستان کا قیام کسی اچانک رونما ہونے والے واقعے کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ اس کے پس منظر میں کئی دہائیوں پر محیط سیاسی شعور، فکری بیداری، آئینی جدوجہد، سیاسی مذاکرات، عوامی تحریک اور بے شمار قربانیاں شامل تھیں۔

پاکستان کا مطالبہ بنیادی طور پر برصغیر کے مسلمانوں کی اس خواہش کا اظہار تھا کہ انہیں اپنی مذہبی، تہذیبی، ثقافتی اور سیاسی شناخت کے تحفظ کے ساتھ ایک ایسا سیاسی مستقبل میسر ہو جہاں وہ آزادی، عزت، مساوات اور اپنے اجتماعی مفادات کے مطابق زندگی بسر کر سکیں۔

علامہ اقبال: تصورِ پاکستان کے فکری معمار

تحریکِ پاکستان کی فکری بنیاد مضبوط کرنے میں مصورِ پاکستان علامہ محمد اقبال کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اقبال نے اپنی شاعری، فلسفے اور سیاسی فکر کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، خود اعتمادی، اتحاد، سیاسی شعور اور اپنی تہذیبی شناخت کا احساس پیدا کیا۔

اقبال کے نزدیک مسلمان محض ایک مذہبی گروہ نہیں بلکہ اپنی منفرد تاریخ، تہذیب، اقدار اور اجتماعی تشخص رکھنے والی قوم تھے۔ ان کا تاریخی خطبۂ الٰہ آباد 1930ء برصغیر کے مسلمانوں کی سیاسی سمت متعین کرنے والے اہم واقعات میں شمار ہوتا ہے، جس میں انہوں نے مسلم اکثریتی علاقوں کو ایک سیاسی وحدت میں منظم کرنے کا تصور پیش کیا۔

علامہ اقبال کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ انہوں نے مسلمانوں کو صرف سیاسی حقوق کا احساس نہیں دلایا بلکہ ان کے اندر ایک نئی فکری توانائی، خود اعتمادی اور مستقبل کی تعمیر کا جذبہ پیدا کیا۔ انہوں نے قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی صلاحیتوں کو بھی بروقت پہچانا اور اپنے خطوط کے ذریعے انہیں مسلمانوں کی قیادت سنبھالنے کی ترغیب دی۔

قائداعظم محمد علی جناح: خواب کو حقیقت میں بدلنے والی قیادت

اگر علامہ اقبال نے مسلمانوں کو فکری سمت اور تصور دیا تو قائداعظم محمد علی جناح نے اس تصور کو منظم، آئینی اور سیاسی جدوجہد میں تبدیل کیا۔

قائداعظم ایک ممتاز قانون دان اور اصول پسند سیاست دان تھے۔ انہوں نے اپنی سیاسی زندگی کے ابتدائی دور میں ہندو مسلم اتحاد اور آئینی جدوجہد کے ذریعے ہندوستان کے سیاسی مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کی، لیکن بدلتے ہوئے سیاسی حالات، مسلمانوں کی مؤثر سیاسی نمائندگی کے مسائل اور آئینی تحفظات کے فقدان نے انہیں اس نتیجے تک پہنچایا کہ برصغیر کے مسلمانوں کے سیاسی مستقبل کے لیے ایک مؤثر اور پائیدار سیاسی بندوبست ناگزیر ہے۔

قائداعظم نے آل انڈیا مسلم لیگ کو ایک مضبوط، مربوط اور منظم سیاسی قوت میں تبدیل کیا اور مختلف علاقوں، طبقات اور سیاسی رجحانات سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کو ایک مشترکہ مقصد پر متحد کیا۔

ان کی راہ میں مشکلات و مصائب کم نہ تھے انہیں شدید سیاسی مخالفت، برطانوی حکومت کی پیچیدہ آئینی حکمتِ عملی، کانگریس کے ساتھ اختلافات، مسلم سیاست کے اندر موجود بعض اختلافات اور طویل مذاکرات کا سامنا کرنا پڑا، لیکن قائداعظم نے اپنی سیاسی بصیرت، آئینی جدوجہد، ثابت قدمی اور غیر معمولی عزم و حوصلے کے ذریعے تحریکِ پاکستان کو مسلسل آگے بڑھایا۔

قراردادِ لاہور: ایک فیصلہ کن سنگ میل

23 مارچ 1940ء کو لاہور میں مسلم لیگ کے تاریخی اجلاس میں منظور ہونے والی تاریخی قراردادِ لاہور تحریکِ پاکستان کی تاریخ میں ایک فیصلہ کن موڑ ثابت ہوئی۔ اس قرارداد نے مسلم اکثریتی علاقوں کی سیاسی تنظیم نو اور ایک ایسے سیاسی بندوبست کا مطالبہ کیا جس میں مسلمانوں کے سیاسی اور اجتماعی مفادات محفوظ رہ سکیں۔

اس کے بعد تحریکِ پاکستان ایک منظم عوامی تحریک کی صورت اختیار کرتی گئی اور مسلم لیگ نے برصغیر کے مختلف علاقوں میں اپنا سیاسی اثر و رسوخ میں غیر معمولی اضافہ کیا۔

1945-46ء کے انتخابات اس جدوجہد میں ایک اور اہم مرحلہ ثابت ہوئے، جن میں مسلم لیگ نے مسلم نشستوں پر نمایاں کامیابی حاصل کی۔ ان نتائج نے قائداعظم کی ولولہ انگیز قیادت اور مسلم لیگ کے سیاسی مؤقف کو وسیع عوامی حمایت فراہم کی اور برصغیر کے مستقبل کے بارے میں جاری مذاکرات میں مسلمانوں کے مطالبے کو مزید مضبوط کر دیا۔

بالآخر طویل سیاسی صبر آزماء جدوجہد کشمکش، مذاکرات اور آئینی تعطل کے بعد برصغیر کی تقسیم کا منصوبہ منظور ہوا اور 14 اگست 1947ء کو پاکستان ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔

آزادی کی قیمت: ہجرت، قربانیاں اور بے مثال صبر ابتلاء مصیبت

پاکستان کا قیام اگرچہ ایک عظیم سیاسی کامیابی تھی، لیکن اس آزادی کی قیمت بھی انتہائی بھاری تھی۔ تقسیم ہند کے نتیجے میں لاکھوں خاندان اپنے آبائی گھروں، زمینوں، کاروبار اور صدیوں پرانے معاشرتی ماحول کو چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔

لاکھوں افراد نے سرحدوں کا سفر کیا، خاندان بچھڑ گئے، بے شمار جانیں ضائع ہوئیں اور ایک پوری نسل نے ہجرت، جدائی اور عدم تحفظ کے ابتلاء کرب و مصیبت کو برداشت کیا۔

نئی مملکت پاکستان کو بھی ابتداہی سے بے شمار مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ محدود وسائل کے باوجود لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری، ریاستی اداروں کا قیام، معیشت کی تنظیم، دفاعی ضروریات پوری کرنا اور ایک نئی ریاست کا انتظامی ڈھانچہ قائم کرنا غیر معمولی چیلنجز تھے۔

اس مشکل ترین مرحلے میں پاکستانی عوام نے غیر معمولی حوصلے، صبر اور قومی جذبے کا مظاہرہ کیا اور یوں پاکستان نے اپنے ابتدائی بحرانوں سے نکلنے کا سفر شروع کیا۔

قائداعظم کا پاکستان: اصول مساوات

قائداعظم کے نزدیک پاکستان کا قیام جدوجہد کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئے اور مشکل سفر کا آغاز تھا۔ وہ ایک ایسی ریاست چاہتے تھے جہاں قانون کی حکمرانی ہو، شہریوں کو مساوی بنیادی حقوق حاصل ہوں، اقلیتیں محفوظ ہوں اور ریاستی ادارے آئین و قانون کے مطابق کام کریں۔

11 اگست 1947ء کو دستور ساز اسمبلی سے اپنے تاریخی خطاب میں قائداعظم نے مساوی شہریت، مذہبی آزادی اور قانون کی بالادستی کے اصولوں پر زور دیا۔

ان کا پیغام ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط آج بھی قومی زندگی کے لیے بنیادی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ قائداعظم کے یہ الفاظ ہمارے لیے راھنماء اصول و منشور کی حیثیت رکھتے ہیں۔

آزادی کے بعد پاکستان کی کامیابیاں

پاکستان کے اپنے قیام کے بعد کا سفر مشکلات، سیاسی اتار چڑھاؤ، جنگوں، معاشی دباؤ، قدرتی آفات اور داخلی و خارجی چیلنجز سے عبارت رہا، لیکن اس کے باوجود ملک نے متعدد اہم کامیابیاں حاصل کیں۔

پاکستان نے اپنے ریاستی و انتظامی ادارے قائم کیے، دفاعی صلاحیتوں کو ترقی دی، اعلیٰ تعلیمی ادارے قائم کیے، زراعت، صنعت، مواصلات، انجینئرنگ، طب، سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدانوں میں پیش رفت کی اور ایسے ماہرین پیدا کیے جنہوں نے نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

پاکستان کی سب سے نمایاں کامیابیوں میں اس کا ایٹمی پروگرام بھی شامل ہے۔

پاکستان کی ایٹمی صلاحیت اور جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن

28 مئی 1998ء کو پاکستان نے بلوچستان کے علاقے چاغی میں ایٹمی تجربات کیے، جو بھارت کے اسی ماہ کیے گئے ایٹمی تجربات کے بعد پاکستان کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا تھا یہ کامیابی کئی دہائیوں پر محیط سائنسی تحقیق، تکنیکی ترقی اور پاکستانی سائنس دانوں، انجینئرز اور اداروں کی محنت اور ھمارے ائی ٹی کے ماھر نوجوانوں کی اعلی صلاحیت کا نتیجہ تھی۔

پاکستان نے اپنی ایٹمی صلاحیت کو قومی سلامتی اور قابلِ اعتماد دفاعی باز deterrence کے تناظر میں پیش کیا، جبکہ اس کے نتیجے میں پاکستان اور بھارت کے درمیان دفاعی طاقت کے توازن کی ایک نئی صورت پیدا ہوئی اور جنوبی ایشیا کی سلامتی کی صورتحال بنیادی طور پر تبدیل ہوئی۔ اور بین الاقوامی دنیا کی رائے بھی یکسر تبدیل ہوئی تھے

تاہم ایٹمی صلاحیت کے ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی وابستہ ہے۔ دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان کشیدگی کی صورت میں ذمہ دارانہ رویہ، مؤثر سفارت کاری اور بحرانوں کو قابو میں رکھنے کے اقدامات ہی علاقائی امن اور استحکام کے ضامن ہو سکتے ہیں۔

پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور قومی خود مختاری

آزادی کے بعد پاکستان نے اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مسلسل ترقی دی۔ پاک فوج، پاک بحریہ اور پاک فضائیہ نے وقت کے ساتھ ساتھ جدید جنگی تقاضوں، فضائی و بحری آپریشنز، مواصلاتی نظام اور جدید دفاعی ٹیکنالوجی میں نمایاں استعداد حاصل کی۔

پاکستان نے دفاعی پیداوار کے شعبے میں بھی اپنی صلاحیتیں بڑھائیں، جس سے کئی اہم شعبوں میں بیرونی انحصار کم کرنے میں مدد ملی۔

یہ صلاحیتیں پاکستان کی خود مختاری وقار کے تحفظ اور جنوبی ایشیا میں مستقل اور دیرپا استحکام کے لیے اہم سمجھی جاتی ہیں۔

تاہم قومی طاقت صرف فوجی صلاحیت کا نام نہیں؛ مضبوط معیشت، مستحکم سیاسی نظام، مؤثر سفارت کاری، جدید تعلیم، سائنسی ترقی اور مضبوط ادارے بھی ساری قوم کا اتحاد قومی سلامتی کے بنیادی ستون ہیں۔

آپریشن بنیان المرصوص: دفاعی تاریخ کا ایک اہم باب

پاکستان کی حالیہ دفاعی تاریخ میں آپریشن بنیان المرصوص کو بھی ایک اہم باب کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان نے یہ کارروائی بھارتی فوجی اقدامات اور جارحیت کے جواب میں کی اور اسے ملک کی دفاعی تیاری، عسکری صلاحیت اور قومی عزم کے اظہار کے طور پر پیش کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان کی دفاعی صلاحیت کا لوہا نہ صرف ہندستان نے مانا بلکہ پوری دنیا کی توجہ کا مرکز پاکستان بن گیا۔ یہ کامیابی یقینی طور پر ساری قوم کے لیے باعث فخر ھے۔

اس واقعے نے ایک مرتبہ پھر یہ واضح کیا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان موجود تلخ ور ناسازگار ماحول میں دفاعی تیاری اور مؤثر باز deterrence کس قدر اہم ہیں۔

تاہم اس تجربے کا وسیع تر سبق صرف عسکری میدان تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ جنوبی ایشیا کا پائیدار امن فوجی طاقت کے ساتھ ساتھ سیاسی بصیرت، ذمہ دار قیادت، مؤثر سفارت کاری، بحرانوں کے دوران رابطے معاملہ فہمی تدبر اور حکمت کے ساتھ کشیدگی کو بڑھنے سے روکنے کے مؤثر نظام کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ پاکستان کی دفاعی قوت کا بنیادی مقصد یہی ہونا چاہیے کہ ملکی خودمختاری اور شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے

فن و ثقافت

مادھوری ڈکشٹ کی 24 سال بعد ٹی وی پر واپسی

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ مادھوری ڈکشٹ نے 24 سال کے طویل وقفے کے بعد ٹیلی ویژن پر بطور میزبان واپسی کا اعلان کر دیا۔ اداکارہ اب مقبول کوئز شو 'کون بنے گا کروڑ پتی' کے مراٹھی ورژن 'کون ہونار کروڑ پتی' کی میزبانی کرتی نظر آئیں گی، جس کا پہلا پرومو بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ مادھوری ڈکشٹ نے شو کے پہلے پرومو میں روایتی مہاراشٹرین انداز اپنایا ہے۔ سبز اور سنہری ساڑھی میں ملبوس اداکارہ نے روایتی سنہری زیورات اور مہاراشٹرین طرز کی نتھ پہن رکھی ہے، جس میں وہ انتہائی دلکش دکھائی دے رہی ہیں۔ پرومو میں مادھوری مراٹھی زبان میں شو کا تعارف کراتے ہوئے کہتی ہیں کہ جو پہلے کبھی نہیں ہوا، اب ہونے والا ہے۔ مہاراشٹر کے گھروں میں گفتگو کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوگا، کیونکہ اب کھیل بدلنے والا ہے۔ اسی کے ساتھ وہ ناظرین کو 'کون ہونار کروڑ پتی' میں شرکت کی دعوت دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ شو جلد پیش کیا جائے گا۔ مادھوری نے انسٹاگرام پر بھی پرومو شیئر کرتے ہوئے نئے کردار کے لیے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔ اداکارہ نے لکھا کہ 'کون ہونار کروڑ پتی' کی میزبان کی حیثیت سے وہ اپنی زندگی کے ایک خاص نئے باب میں داخل ہو رہی ہیں اور اس سفر کو شروع کرنے کے لیے بے حد پرجوش ہیں۔

شگفتہ اعجاز کی زِپ لائن پر انجوائے کرتی ویڈیو وائرل

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف اداکارہ شگفتہ اعجاز ان دنوں اپنی بیٹی کے پاس برطانیہ میں چھٹیاں گزار رہی ہیں، جہاں وہ خوبصورت مقامات کی سیر کے ساتھ مختلف تفریحی سرگرمیوں سے بھی لطف اندوز ہو رہی ہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں ویلز میں زِپ لائن کا دلچسپ تجربہ کیا، جس کی ویڈیو انہوں نے اپنے یوٹیوب ولاگ میں شیئر کی، جس پر مداحوں نے دلچسپ تبصرے شروع کر دیئے۔ برطانیہ میں قیام کے دوران شگفتہ اعجاز اپنی بیٹی انیا کے ہمراہ ویلز کے مختلف خوبصورت مقامات، جھیلوں اور تفریحی مقامات کی سیر کر رہی ہیں۔ اسی دوران انیا نے اپنی والدہ کو زِپ لائن کرنے پر آمادہ کر لیا، حالانکہ اداکارہ ابتدا میں اس تجربے کے لیے تیار نہیں تھیں۔ زِپ لائن رائیڈ مکمل کرنے کے بعد شگفتہ اعجاز نے اپنے تجربے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی شاندار تجربہ تھا اور وہ سوچ رہی تھیں کہ انہوں نے اس سے پہلے یہ کیوں نہیں کیا۔ اداکارہ نے کہا کہ انہیں ایسا محسوس ہوا جیسے وہ عقاب کی طرح اڑ رہی ہوں۔ ان کی بیٹی انیا نے بتایا کہ شگفتہ اعجاز نے شروع میں زِپ لائن کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا اور یہاں تک کہ جب وہ اس کی فیس ادا کرنے والی تھیں تب بھی والدہ تیار نہیں تھیں۔ تاہم ان کے اصرار پر اداکارہ نے بالآخر یہ چیلنج قبول کر لیا۔

بشریٰ انصاری نے سائرہ یوسف سے متعلق سوشل میڈیا دعووں کی تردید کر دی

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے اپنے ایک حالیہ بیان کی وضاحت کرتے ہوئے ان سوشل میڈیا پیجز کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے جنہوں نے ان کے قریبی دوستوں کے بیٹے کی ازدواجی زندگی سے متعلق بیان کو اداکار شہروز سبزواری اور سائرہ یوسف سے جوڑ دیا تھا۔ بشریٰ انصاری اداکاری کے ساتھ اپنے روزمرہ وی لاگز کے باعث بھی ناظرین کی توجہ حاصل کرتی ہیں، جن میں وہ اپنی ذاتی زندگی، سفر اور مختلف تجربات کی جھلکیاں شیئر کرتی رہتی ہیں۔ چند روز قبل ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کے دوران انہوں نے اپنے قریبی دوستوں کے اکلوتے بیٹے کی شادی ختم ہونے کا ایک واقعہ بیان کیا تھا۔ اداکارہ کے مطابق مذکورہ جوڑے کے درمیان اختلاف کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ بیوی اپنے سسرال کے ساتھ رہنے کے بجائے الگ گھر میں رہنا چاہتی تھی، جبکہ شوہر اپنے والدین کو چھوڑنے پر آمادہ نہیں تھا۔ بشریٰ انصاری نے واضح کیا کہ وہ واقعہ ان کے ایسے دوستوں سے متعلق تھا جو بینکرز ہیں، لیکن بعض سوشل میڈیا پیجز نے اس بیان کو شہروز سبزواری اور سائرہ یوسف سے منسلک کر دیا۔ اپنے تازہ وی لاگ میں بشریٰ انصاری نے کہا کہ وہ اپنی پیاری مایا کے ساتھ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کر رہی تھیں اور اسی دوران انہوں نے اپنے دوستوں کا یہ واقعہ سنایا۔ ان کے مطابق کسی نے ان کی بات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا اور پھر سائرہ یوسف اور شہروز سبزواری کی تصاویر کے ساتھ یہ تاثر دیا گیا کہ ان کا اشارہ انہی دونوں کی ازدواجی زندگی کی طرف تھا۔

زارا نور عباس نے پاکستان کے موجودہ حالات کو "بدترین وقت" قرار دیدیا

کراچی (بیورو رپورٹ) بچوں کے خلاف بڑھتے ہوئے جرائم پر اداکارہ زارا نور عباس نے پاکستان کے موجودہ حالات کو "بدترین وقت" قرار دے دیا زارا نور عباس نے انسٹاگرام اسٹوری میں کہا کہ مسئلہ صرف یہ نہیں کہ ہر طرف زیادتی اور قتل کے واقعات دیکھنے کو مل رہے ہیں بلکہ اصل تشویش یہ ہے کہ ایسے جرائم پر کوئی مثال قائم نہیں کی جا رہی جس سے مجرموں کے حوصلے بڑھ رہے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق یہ واقعات اس قدر عام ہو چکے ہیں کہ اب یہ مسئلہ کسی ایک صنف تک محدود نہیں رہا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ایسے حالات میں والدین اپنے بچوں کی حفاظت کیسے کریں اور کیا قانون کو ہاتھ میں لینا ہی واحد راستہ رہ گیا ہے؟ قانون کا رویہ بھی غیر سنجیدہ دکھائی دیتا ہے۔ زارا نور عباس نے میر رضا علی کیس کی جانب بھی اشارہ کیا، جس میں لاش کی دوبارہ قبر کشائی کے بعد پوسٹ مارٹم کیا گیا۔ ابتدائی طور پر کیس کو خودکشی قرار دیا جا رہا تھا، تاہم دوسری رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ مقتول کو گولی مارنے کے ساتھ تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا۔ انہوں نے کراچی میں ایک کمسن بچی کے ریپ اور قتل کے واقعے پر بھی تشویش ظاہر کی، جہاں ملزم کی کم عمری کے باعث اسے ذہنی معاونت دینے کی بات کی جا رہی ہے۔ اداکارہ نے سوال اٹھایا کہ ایسے حالات میں والدین اپنے بچوں کو کیسے محفوظ رکھ سکتے ہیں جبکہ حالیہ دنوں میں پیش آنے والے یہ افسوسناک واقعات شہر میں خوف و ہراس کا سبب بن رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 1

انہوں نے کہا کہ موجودہ جنگ امریکا کو مزید محفوظ نہیں بنا رہی۔ سینیٹر نے خاص طور پر امریکی بحریہ کے طیارہ بردار جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن پر تعینات اہلکاروں کی ذہنی صحت سے متعلق خدشات کا حوالہ دیا۔ ان کے مطابق یہ جنگی جہاز تقریباً 9 ماہ سے سمندر میں موجود ہے، جس کے باعث اس پر تعینات فوجی اہلکار طویل عرصے سے اپنے گھروں اور خاندانوں سے دور ہیں۔ وان ہولن نے صدر ٹرمپ کی جانب سے ان فوجیوں کو درپیش ذہنی دباؤ کے معاملے سے نمٹنے کے طریقہ کار پر بھی سوال اٹھایا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکی فوجی اہلکار اور ان کے خاندان اس سے بہتر سلوک کے مستحق ہیں۔ امریکی سینیٹر نے واضح الفاظ میں کہا کہ فوجیوں کے تحفظ کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایران کے خلاف جاری جنگ ختم کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ کو جاری رکھنے کے بجائے امریکی فوجیوں کی سلامتی اور فلاح و بہبود کو ترجیح دینی چاہیے۔ دوسری جانب امریکی بحریہ نے یو ایس ایس ابراہم لنکن کو ریلیف دینے کے لئے یو ایس ایس جارج واشنگٹن کو خطے کی جانب روانہ کر دیا ہے۔ جارج واشنگٹن حال ہی میں ویتنام کی بندرگاہ ڈا نانگ سے روانہ ہوا ہے اور اسے ابراہم لنکن کی جگہ تعینات کیے جانے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ یو ایس ایس ابراہم لنکن کی طویل سمندری تعیناتی کے باعث امریکی فوجیوں کی جسمانی اور ذہنی صحت سے متعلق خدشات سامنے آئے ہیں۔

بقیہ نمبر 2

القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد جگر گوشہ و جانشین ابوالاسد صاحبزادہ علی عباس حقانی نے معروف روحانی خانقاہ شریف دربار عالیہ بنگی شریف کے سجادہ نشین عالمی روحانی شخصیت پیر سید غلام مرتضیٰ شاہ کاظمی کے وصال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سید غلام مرتضیٰ شاہ کاظمی بنگی شریف اولیاء کاملین کی عملی تصویر تھے آپ کے وصال سے اہل اسلام ایک روحانی فکری شخصیت سے محروم ہو گئے انکے درجات بلندی کے لیے مرکز اہل سنت ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد میں خصوصی دعا کی گئی

بقیہ نمبر 3

ہدایات پر اسلام آباد پولیس کے افسران و جوانوں کی استعداد کار، ذہنی صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں سیف سٹی اسلام آباد میں پولیس افسران و جوانوں کے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹیسٹ کے دوران افسران و جوانوں کی ذہنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ رویوں، دباؤ میں کام کرنے کی صلاحیت اور مختلف صورتحال میں فیصلہ سازی کے عمل کا جائزہ لیا گیا۔ اس کا مقصد پولیس افسران و جوانوں کی صلاحیتوں کو مزید نکھارنا، ان کی کارکردگی کو بہتر بنانا اور انہیں جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ سائیکولوجیکل ٹیسٹ سے حاصل ہونے والے نتائج کی روشنی میں افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری، کارکردگی کے معیار کو بلند کرنے اور ان کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کی جانب سے فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے، ذہنی و عملی استعداد کار بڑھانے اور جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مختلف تربیتی، فلاحی اور پیشہ ورانہ اقدامات کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 4

کارروائیوں کے نتائج سے معلوم ہوا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران یعنی 6 سے 12 اگست کے عرصے میں رہائش، لیبر اور بارڈر سکیورٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر 14 ہزار سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ نے بتایا کہ اقامہ قانون کی خلاف ورزی پر 7216 افراد، بارڈر سکیورٹی قانون کی خلاف ورزی پر 3843 اور لیبر قانون کی خلاف ورزی پر 3483 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ نے مملکت کے اندر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والے تقریباً 1457 افراد کو گرفتار کیا، ان گرفتار ہونے والوں میں سے 32 فیصد یمنی شہری، 67 فیصد ایتھوپیائی شہری اور ایک فیصد دیگر ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ سعودی وزارت داخلہ نے غیر قانونی طور پر مملکت سے باہر جانے کی کوشش میں سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والے تقریباً 19 افراد کی گرفتاری کا بھی انکشاف کیا ہے۔ سعودی سکیورٹی نے اقامہ، لیبر اور بارڈر سکیورٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سفری سہولیات فراہم کرنے، پناہ دینے، ملازمت دینے اور ان کی پردہ پوشی میں ملوث تقریباً 22 افراد کو بھی حراست میں لے لیا۔ مذکورہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 12945 افراد کو ڈی پورٹ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 5

نے سالانہ مرکزی اجلاس میلاد سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر مجاہد عقیدہ ختم نبوت پیر محمد امیر سلطان چشتی مجاہد اہلسنت حضرت علامہ قاری محمد امین سیالوی سیاسی و سماجی شخصیات میاں باغ علی کوٹلی شریف ظفر اقبال نسال غلام فرید چنگی ملک آفتاب احمد اعوان قاری حق نواز اعوان قاضی عمر دراز قمر احمد چشتی مولانا عبدالحمید کوکب سیالوی میاں محمد سلیم محمد بلال مدنی ماسٹر خادم حسین محمد خالد سیالوی شکر کوٹ اور ممتاز عالم دین مبلغ اسلام جاوید اقبال کھارا سمیت علاقہ بھر کے علمائے کرام عمائدین نے شرکت کی اجلاس میں طے پایا کہ تمام جلوس پر وقت آستانہ عالیہ مکان شریف پہنچ کر نوشہرہ کے لئے روانہ ہوں گے۔

بقیہ نمبر 6

(صدر، ایل او ایچ ویلفیئر گروپ) راجہ مبشر سرور دھنیال (مرکزی میڈیا کوآرڈینیٹر) راجہ عمر حیات دھنیال (مرکزی رابطہ سیکرٹری) چوہدری حسن علی (صدر یوتھ ونگ، VOH) اویس خان (جنرل سیکرٹری یوتھ ونگ) وی او ایچ، مرکزی سینیئر نائب صدر وی او ایچ راجہ طارق جاوید اور مرکزی ممبر وی او ایچ راجہ معین دھنیال (مرکزی ارکان) نمبردار راجہ نجیب دھنیال اور راجہ ضیاء دھنیال سمیت دھمی پیر شہید سرکار دربار کمیٹی ※ کے دیگر سرکردہ عہدیداران شامل تھے۔ کرور اریاڑی کی شہیدوں اور غازیوں کی بابرکت سرزمین پر پہنچنے پر علامہ ساجد چشتی، راجہ جلیل دھنیال، راجہ حاجی غلام جیلانی دھنیال اور علاقہ مکینوں کی ایک بڑی تعداد نے قافلے کا شاندار اور پرتپاک استقبال کیا۔ دھمی پیر دربار کمیٹی کے مرکزی چیئرمین اور تمام معزز مہمانوں کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور گرم جوشی سے خوش آمدید کہا گیا۔ بعد ازاں باوقار محفل میلاد المصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی چیئرمین راجہ محمد ہارون دھنیال نے میزبانوں کا پرخلوص استقبال اور میلاد شریف کی مبارک محفل میں دعوت دینے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں معاشرتی فلاح، باہمی اتحاد، اتفاق اور یگانگت کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب کے اختتام پر علامہ ساجد چشتی نے راجہ محمد ہارون دھنیال اور ان کے تمام مرکزی وفد کی تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کیا اور ان کی سماجی و دینی خدمات کو سراہا

بقیہ نمبر 7

انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی سینکڑوں شخصیات نے شرکت کی۔ گلوبل تھیلیسیمیا فاؤنڈیشن کے فاؤنڈر اینڈ چیئرپرسن ڈاکٹر شیر بہادر انجم نے بطور چیف گیسٹ شرکت کی۔ ڈاکٹر شیر بہادر انجم پاکستانی نژاد ہیں اور تھیلیسیمیا کے جینیاتی علاج پر تحقیق کر رہے ہیں۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گلوبل تھیلیسیمیا فاؤنڈیشن (GTF) دنیا بھر میں تھیلیسیمیا کے خلاف بھرپور جدوجہد کر رہی ہے اور وہ دن دور نہیں جب پاکستان سے اس موذی مرض کا مکمل خاتمہ ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس مشن کی کامیابی کے لیے حکومتی تعاون انتہائی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ڈاکٹر شیر بہادر انجم نے کہا کہ تھیلیسیمیا کے خلاف بھرپور آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ عوام کو مرض کی بروقت تشخیص، علاج اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا جا سکے اور آئندہ نسلوں کو اس بیماری سے محفوظ بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اجتماعی کوششوں اور مؤثر آگاہی مہم کے ذریعے تھیلیسیمیا کے پھیلاؤ کو روکا جا سکتا ہے۔ تقریب سے صدر اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز محمد اویس ستی، وائس چیئرمین جمعیت القریش پاکستان وسی ای او برج ویلفیئر آرگنائزیشن محمد عبداللہ قریشی، مرکزی صدر آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن خورشید احمد قریشی اور وائس پریزیڈنٹ اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز سردار ظہیر احمد نے بھی خطاب کیا۔ خورشید احمد قریشی نے تھیلیسیمیا کے حوالے سے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرے میں اس مرض کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے اجتماعی سطح پر آگاہی پروگراموں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے گلوبل تھیلیسیمیا فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ محمد عبداللہ قریشی نے کہا کہ برج ویلفیئر آرگنائزیشن تھیلیسیمیا کے خاتمے کے لیے گلوبل تھیلیسیمیا فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر مؤثر اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے تمام طبقات کو اس قومی مشن میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ محمد اویس ستی نے کہا کہ تھیلیسیمیا ایک اہم انسانی مسئلہ ہے جس کے تدارک کے لیے حکومتی اداروں، سماجی تنظیموں، ماہرین اور عوام کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آگاہی اور بروقت تشخیص کے ذریعے اس مرض کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 8

پائلٹس کی تصاویر جاری کردیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق تہران نے دعویٰ کیا ہے کہ دو مارچ کو قطر میں واقع امریکی فوجی اڈے پر حملے کے بعد لاپتہ ہونے والے تین ایرانی پائلٹس قطری فورسز کی تحویل میں زندہ موجود ہیں، جبکہ دوسری جانب قطر نے ان پائلٹس کو اپنی حراست میں رکھنے کے تمام الزامات کو مکمل طور پر رد کر دیا ہے۔ قبل ازیں ایران کی مسلح افواج میں لاپتہ افراد کی تلاش کے لیے قائم کمیٹی کے سربراہ بریگیڈیئر جنرل محمد باقرزادے نے انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس کی صدر مرجانا اسپولیارچ کے نام ایک رسمی خط تحریر کیا ہے۔ خط میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ایرانی فضائیہ کے دو ایف 14 لڑاکا طیارے مشن کے بعد واپسی پر دشمن کے دفاعی نظام کی زد میں آ گئے تھے، جس کے نتیجے میں چار پائلٹس میں سے بریگیڈیئر جنرل مجید کاظمی جاں بحق ہو گئے جن کی میت ایران پہنچا دی گئی، جبکہ تین دیگر پائلٹس جواد صالحی، عبدالحمید دشتیان اور عمران بیرونیشان کو قطری فورسز نے زندہ گرفتار کر لیا۔ جنرل محمد باقرزادے نے ریڈ کراس سے ان پائلٹس تک رسائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ چھ ماہ گزرنے کے باوجود جنیوا کنونشنز کے تحت قیدیوں کے حقوق کا احترام نہیں کیا گیا اور یہ معاملہ جنگی جرائم کے دائرے میں آتا ہے لہٰذا ریڈ کراس فوراً ان سے ملاقات کر کے ان کی صحت سے تہران کو آگاہ کرے۔ اس سے قبل یکم اگست کو ایرانی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرم نیا نے کہا تھا کہ تہران اس معاملے کی مسلسل پیروی کر رہا ہے۔ اس کے برعکس، قطری وزارت خارجہ نے ایرانی دعوؤں کو حقیقت کے منافی اور گمراہ کن قرار دیا ہے

بقیہ نمبر 9

میں دہشت گرد حملوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ عرب نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے عاصم افتخار احمد نے کہا کہ اقوام متحدہ کی پابندیوں کی نگرانی کرنے والی ٹیم اور سیکرٹری جنرل کی رپورٹس میں افغانستان کو متعدد دہشت گرد گروہوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ قرار دیے جانے پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ پاکستانی مندوب کے مطابق 2025 میں پاکستان میں دہشت گردی سے متعلق 5 ہزار 200 سے زائد واقعات میں ایک ہزار 300 سے زیادہ افراد شہید ہوئے، جبکہ 2026 کے پہلے 6 ماہ کے دوران 3 ہزار سے زائد حملوں میں 830 سے زیادہ پاکستانی شہید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ اعداد و شمار پاکستان میں دہشت گردی سے متعلق وسیع تر واقعات پر مشتمل ہیں، جبکہ گلوبل ٹیررازم انڈیکس کے مطابق 2025 میں پاکستان میں دہشت گردی کے 1,045 واقعات اور ایک ہزار 139 دہشت گردی سے متعلق ہلاکتیں ریکارڈ کی گئیں۔ عاصم افتخار احمد نے کالعدم تحریک طالبان پاکستان، بلوچستان لبریشن آرمی، مجید بریگیڈ اور داعش کے علاقائی گروپ کو پاکستان کے لیے اہم خطرات قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان میں سے بعض گروہ خطے میں پاکستان کے مخالف عناصر کے پراکسی کے طور پر بھی کام کر رہے ہیں۔ افغان طالبان کی جانب سے ٹی ٹی پی کو روکنے میں ناکامی یا دانستہ تعاون سے متعلق سوال پر پاکستانی مندوب نے الزام عائد کیا کہ معاملہ محض صلاحیت کی کمی یا سیاسی عزم کے فقدان تک محدود نہیں، بلکہ طالبان حکومت مبینہ طور پر ٹی ٹی پی کو محفوظ پناہ گاہیں، اسلحہ و گولہ بارود، مالی معاونت، منصوبہ بندی اور سرحد پار دراندازی میں سہولت فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی افواج کے افغانستان سے انخلا کے بعد چھوڑا گیا جدید اسلحہ بھی عسکریت پسندوں کے استعمال میں آ رہا ہے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ افغانستان میں طالبان کے اقتدار سنبھالنے کے بعد عالمی برادری کی جانب سے 3 بنیادی توقعات وابستہ تھیں، جامع حکومت کا قیام، انسانی حقوق بالخصوص خواتین اور بچیوں کے حقوق کا احترام اور افغان سرزمین کو کسی دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دینا، 5 سال گزرنے کے باوجود ان تینوں شعبوں میں پیشرفت کے بجائے صورتحال مزید پیچھے گئی ہے۔ انہوں نے خواتین کی تعلیم اور روزگار پر پابندیوں اور محدود طرز حکمرانی کو اس کی مثال قرار دیا۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان اختلاف عام افغان شہریوں سے نہیں بلکہ ان پالیسیوں سے ہے جن کے اثرات پاکستان نے براہ راست بھگتے ہیں۔ انہوں نے طالبان پر زور دیا کہ وہ ٹی ٹی پی جیسے گروہوں کے خلاف واضح اور قابل تصدیق اقدامات کریں، جن میں محفوظ پناہ گاہوں اور مالی معاونت کا خاتمہ بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالثی کی کوششوں میں سعودی عرب، ترکیہ، چین اور قطر جیسے ممالک بھی کردار ادا کر چکے ہیں، تاہم طالبان قیادت نے مطلوبہ یقین دہانیاں فراہم نہیں کیں۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ افغانستان کی تنہائی، منجمد اثاثے اور عالمی سطح پر باضابطہ تسلیم نہ کیے جانے کی صورتحال طالبان قیادت اپنی پالیسیوں میں تبدیلی لا کر ختم کر سکتی ہے

بقیہ نمبر 10

سنگل اور تھری فیز میٹرز کی لیبارٹری رپورٹس حاصل کر لی گئیں، لیبارٹری رپورٹ میں درست قرار دیئے جانے والے میٹرز کو ڈیٹیکو کوڈ والے میٹرز سے تبدیل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ لیسکو کے تمام متعلقہ دفاتر میں پرانے میٹرز کی تنصیب کا عمل شروع ہو چکا ہے، جبکہ خراب اور جلنے والے میٹرز کی تبدیلی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیپرا کے قوانین کے تحت جلنے والے میٹرز کو صارفین سے اضافی رقم وصول کیے بغیر تبدیل کیا جانا ضروری ہے، تاہم اے ایم آئی اسمارٹ میٹرز کی خریداری کیلئے بجٹ منظور نہ ہونے کے باعث فی الحال روایتی پرانے میٹرز ہی نصب کیے جا رہے ہیں۔ لیسکو کی جانب سے میٹرز کی تنصیب اور تبدیلی کے عمل کو دفاتر کی سطح پر آگے بڑھایا جا رہا ہے، جبکہ نیٹ میٹرنگ اور نیٹ بلنگ سے متعلق میٹرز کی رپورٹس کی بنیاد پر بھی آئندہ کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 11

تراہیہ ان کی رہائش گاہ پر فاتحہ خوانی کرنے کے موقع پر کیا۔ جمشید خان (سابق امیدوار صوبائی اسمبلی) محمد بشیر راجہ سابق صدر پریس کلب اڈیالہ، راجہ اشفاق، راجہ عبدالقدوس و دیگر شرکاء نے بھی مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی کرتے ہوئے دعائے مغفرت بلندی درجات اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا فرمائی۔

بقیہ نمبر 12

سکتا ہے۔ یہ اقدام ان وائس ایپ اکاؤنٹس کے خلاف اٹھایا جا رہا ہے، جو غیر فعال موبائل نمبرز پر قائم ہیں اور جنہیں دھاندلی، فراڈ یا دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پی ٹی اے نے صارفین کو ہدایت کی ہے کہ وہ یقینی بنائیں کہ ان کا وائس ایپ اکاؤنٹ ان کے زیر استعمال اور فعال سم سے ہی منسلک ہو۔ حکام کا کہنا تھا کہ غیر فعال سموں پر چلنے والے وائس ایپ اکاؤنٹس خطرے کا باعث بن سکتے ہیں، کیونکہ نمبر کنٹرول میں نہ رہنے کی وجہ سے وہ کسی دوسرے صارف کو جاری کیے جا سکتے ہیں، جس سے ڈیٹا اور اکاؤنٹ کے غلط استعمال کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ اتھارٹی نے ان تمام صارفین کو جن کے نمبر منسوخ یا غیر فعال ہو چکے ہیں، فوری طور پر وائس ایپ کے Change Number آپشن کو استعمال کرتے ہوئے اپنا نیا اور فعال نمبر منتقل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پی ٹی اے کا کہنا ہے کہ اس تدبیر کا بنیادی مقصد ڈیجیٹل سیکیورٹی کو بہتر بنانا اور سائبر فراڈ کا سد باب کرنا ہے۔ صارفین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنی سمز کا اسٹیٹس فوری چیک کریں تاکہ بلاکنگ سے بچا جا سکے۔

بقیہ نمبر 13

چیئرمین شوکت محمود قاضی سے وصول کیا تقریب کے مہمان خصوصی بانی و چیئرمین شفا انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد ڈاکٹر منظور الحق قاضی اور بریگیڈیئر (ر) اعجاز قمر کیانی تھے تقریب میں آرمی افسران وکلا ڈاکٹرز، سیاسی شخصیات طلبہ کھلاڑیوں صحافیوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ الامیر ایجوکیشن سسٹم دولتالہ کے طالب علم منان احتشام نے میٹرک کے سالانہ امتحانات میں راولپنڈی تعلیمی بورڈ میں پہلی جبکہ پنجاب بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے ادارے اور علاقے کا نام روشن کر دیا۔ منان احتشام نے اپنی کامیابی کو والدین کی دعاؤں اور اساتذہ کی محنت کا ثمر قرار دیا ادارے کے سربراہ بریگیڈیئر (ر) امیر افسر راجہ، چیئرمین حارث امیر راجہ اور وائس چیئرمین شہلا منصور کی کاوشوں کو بھی اس کامیابی کا اہم ذریعہ قرار دیا۔ گزشتہ برس بھی الامیر سکول نے نویں جماعت کے امتحانات میں راولپنڈی بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی وائس چیئرمین شہلا منصور نے اس عزم کا اظہار کیا کہ الامیر سکول آئندہ بھی تعلیم کے میدان میں اپنی شاندار روایت برقرار رکھے گا

بقیہ نمبر 14

کے علاقے ڈھاڈر میں 12 اگست کو 18 انچ قطر کی سوئی گیس پائپ لائن دھماکے سے متاثر ہو گئی تھی۔ حکام کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کیلئے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ابھی تک سکیورٹی کلیئرنس نہیں ملی ہے جس کی وجہ سے دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام پانچ روز گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہو سکا۔ مستونگ، قلات، پشین زیارت اور کچھ کو گیس کی فراہمی معطل ہونے اور کوئٹہ کے علاقوں سریاب مشرقی بائی پاس اور کچلاک میں پریشر میں کمی اور بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 15

جاوید اختر کیانی، خالد منیر، محمد اجمل، ہدایت لاشاری، منشا گجر، عارف ایڈووکیٹ، خان محمد چنہ، عالمی ریکارڈ ہولڈر اور سفیر امن پاکستان اور تقریب سلطان، ضیاء اللہ نیازی، راؤ منیر اکبر، ہمایوں پاشا سمیت کھیلوں، تعلیم اور سماجی شعبے سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ جبکہ بلوچستان سے عبدالحلیم بندیجہ، قادر صاحب، عبدالرحیم، امان اللہ، محمد حنیف، محمد اریان، محمد صدیق، محمد سعد، عبدالوہاب اور سعدیہ جعفری سمیت دیگر مہمان بھی موجود تھے۔ تقریب میں خواتین کی کھیلوں میں بھرپور شرکت کو سراہا گیا اور گرلز شوٹنگ بال کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر شاہینہ شیر علی نے خواتین کی شوٹنگ بال ٹیم تشکیل دینے پر ملک ناصر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ کھیلوں کے فروغ کے لیے ہمیشہ ان کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی خواتین پاکستان کی عزت اور وقار کے لیے ہر میدان میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ جنرل سیکرٹری سندھ اولمپکس ایسوسی ایشن احمد علی راجپوت نے بھی بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ بوائز شوٹنگ بال مقابلوں میں غازی شوٹنگ بال کلب، بھٹی شوٹنگ بال کلب، لاشی شوٹنگ بال کلب اور عارف والا کلب نے شرکت کی۔ فائنل غازی شوٹنگ بال اور بھٹی شوٹنگ بال کلب کے مابین کھیلا گیا جو غازی شوٹنگ بال کلب نے جیت لیا۔ اس موقع پر شائقین کی ایک کثیر تعداد موجود تھی۔

بقیہ نمبر 16

ایک وجہ ان پر آنے والے اخراجات کو قرار دیا جبکہ جنوبی کوریا کی جانب سے ایران کے خلاف کارروائیوں میں حصہ نہ لینے پر بھی ناراضی کا اظہار کیا۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر کہا کہ مشقیں مکمل طور پر منسوخ کرنے کے لیے وقت بہت کم رہ گیا تھا، تاہم انہوں نے پینٹاگون کو ہدایت کی کہ ان کی مدت اور حجم میں نمایاں کمی کی جائے۔ امریکی صدر نے کہا کہ انہیں اس بات پر خوشی نہیں کہ امریکا نے پہلے ان فوجی مشقوں میں شرکت پر رضامندی ظاہر کی تھی۔ انہوں نے مشقوں کو مہنگا قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان سے ایسے ملک کو ایک نامناسب اور دشمنانہ پیغام جاتا ہے جس کے ساتھ ان کے مطابق ان کے دور صدارت میں شمالی کوریا نے کوئی اشتعال انگیز رویہ اختیار نہیں کیا۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کے ساتھ اپنے بہت اچھے تعلقات کا بھی حوالہ دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں جنوبی کوریا کے ساتھ بڑے پیمانے پر فوجی مشقیں کرنا مناسب نہیں۔ امریکا اور جنوبی کوریا طویل عرصے سے مشترکہ فوجی مشقیں کرتے آ رہے ہیں۔ ان مشقوں کا مقصد شمالی کوریا کی جانب سے ممکنہ فوجی خطرات سے نمٹنے کے لیے دونوں ممالک کی افواج کے درمیان رابطہ، تربیت اور دفاعی تیاری کو بہتر بنانا ہے۔ حالیہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی جاری ہے۔ واشنگٹن اپنے اتحادیوں سے ایران کے خلاف کارروائیوں اور خطے میں سکیورٹی تعاون کے حوالے سے مزید حمایت چاہتا ہے، جبکہ جنوبی کوریا نے اس معاملے میں براہ راست فوجی کارروائی میں شامل ہونے سے گریز کیا ہے۔ ٹرمپ کے فیصلے سے امریکا اور جنوبی کوریا کے دفاعی تعاون پر نئی بحث شروع ہونے کا امکان ہے، خاص طور پر ایسے وقت میں جب شمالی کوریا اپنی جوہری اور میزائل صلاحیتوں میں اضافے پر زور دے رہا ہے

بقیہ نمبر 17

، جنرل سیکرٹری سہیل شہزاد، فنانس سیکرٹری محمد عاصم، جوائنٹ سیکرٹری فیصل خان، انفارمیشن سیکرٹری سید مہدی جبکہ گورننگ باڈی کے اراکین حبیب شیخ، راجہ خالد، راجہ ظفر، عابد ضیاء، طاہر کاظمی اور راجہ عاصم فاروق کھوکھر کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں اور کامیابی کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ صحافت ریاست کا ایک اہم ستون ہی نہیں بلکہ معاشرے کے اجتماعی ضمیر کی آواز بھی ہے۔ ایک سچا صحافی محض واقعات کو رپورٹ نہیں کرتا بلکہ وہ اپنے عہد کا گواہ بن کر قلم، کیمرے اور الفاظ کے ذریعے تاریخ کو محفوظ کرتا ہے۔ بالخصوص فوٹو جرنلزم ایسا شعبہ ہے جہاں ایک تصویر بعض اوقات وہ حقیقت دنیا کے سامنے رکھ دیتی ہے جسے ہزاروں الفاظ بھی پوری طرح بیان نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں صحافت کی ذمہ داری پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ اطلاعات کی بھرمار، سوشل میڈیا کی تیز رفتار دنیا، پروپیگنڈے، جعلی خبروں اور بیانیوں کی جنگ کے درمیان سچ تک رسائی، حقیقت کی درست ترجمانی اور مظلوم کی آواز دنیا تک پہنچانا ایک غیر معمولی صحافتی ذمہ داری بن چکی ہے۔ مشتاق احمد بٹ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اس وقت اپنی تاریخ کے ایک نہایت حساس اور فیصلہ کن مرحلے سے گزر رہا ہے۔ بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بنیادی انسانی حقوق، آزادی اظہار اور سیاسی سرگرمیوں سے متعلق سنگین خدشات مسلسل سامنے آتے رہے ہیں۔ ایسے ماحول میں پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کی صحافتی برادری پر یہ ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ بھارتی مقبوضہ کشمیر کی صورتحال کو محض ایک علاقائی خبر کے طور پر نہیں بلکہ انسانی حقوق، انصاف، امن اور حق خودارادیت کے عالمی مسئلے کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کرے

بقیہ نمبر 18

کہ گراس روٹ پر ہماری پارٹی بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ حکومت نے جو کام کرنے تھے وہ ہم خود کر رہے ہیں اور عوام کے لیے ڈیلیور کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں بورے والا سے سابق رکن قومی اسمبلی اصغر علی جٹ سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ سابق رکن قومی اسمبلی اصغر علی جٹ نے اپنی برادری اور اپنی سیاسی سفر کے بارے میں چیئرمین پارٹی کو آگاہ کیا اور بتایا کہ ہم بھی وہ پلیٹ فارم دیکھ رہے ہیں جس میں حقیقی معنوں میں عوام کی صحیح خدمت ہو سکے۔ چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے انہیں پارٹی پالیسی، منشور، بیانیے اور پارٹی کی سابقہ کارکردگی سے متعلق اصغر علی جٹ کو مکمل بریفنگ دی۔ جس پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے مزید کہا کہ ہم صحت، تعلیم، روزگار، ای کامرس اور بلدیاتی سطح کے کام کر رہے ہیں جو ہماری پارٹی کی عوام سے وہ کمٹمنٹ ہے جو ہم نے 2024 کے الیکشن میں پہلی مرتبہ حصہ لیتے ہوئے کی تھی ہم اس کو نبھا رہے ہیں۔ جیتنے والے ان حلقوں میں نظر نہیں آئیں گے لیکن ہم مسلسل الیکشن ڈے سے یہاں پر نظر آ رہے ہیں۔ نہ صرف نظر آ رہے ہیں بلکہ ہم وہ چیز بھی ڈیلیور کر رہے ہیں جو ہمارے منشور کا حصہ تھا اور ہم عوام کے بنیادی مسائل کو سمجھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

ان کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر ظفر بختاوری نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری نے ہمیشہ نمایاں اور مثبت کردار ادا کیا ہے۔ تعلیم، صحت، سماجی بہبود، انسانی خدمت اور دیگر شعبوں میں مسیحی برادری کی خدمات ملک کے لیے قابل قدر سرمایہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں تمام مذہبی برادریوں کا کردار اہم ہے اور ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کے لیے باہمی احترام، برداشت اور اتحاد کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک قومی زندگی کے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، ڈاکٹرز، نرسز، سماجی کارکنوں، کاروباری افراد اور دیگر شعبوں سے وابستہ افراد ملک و قوم کی خدمت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان خدمات کا اعتراف نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے بلکہ معاشرے میں بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کو بھی فروغ دیتا ہے۔ ظفر بختاوری نے پاسٹر سیمسن سہیل کی سماجی، مذہبی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ مختلف مذاہب اور طبقات کے درمیان مثبت روابط کو مضبوط بنانے کے لیے ایسے افراد کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں امن، محبت، برداشت اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے مذہبی رہنماؤں اور سماجی شخصیات کو اپنا کردار مزید مؤثر انداز میں ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام مذہبی برادریاں ملک کا اہم حصہ ہیں اور ان کے حقوق، عزت اور وقار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ قومی ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ تمام طبقات کو ساتھ لے کر چلتے ہوئے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جہاں ہر شہری کو مساوی مواقع حاصل ہوں۔ اس موقع پر پاسٹر سیمسن سہیل نے ظفر بختاوری کی جانب سے مسیحی برادری کی خدمات کے اعتراف اور شیلڈ پیش کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ ایسی حوصلہ افزائی سے خدمت خلق اور بین المذاہب ہم آہنگی کے جذبے کو مزید تقویت ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی۔ تقریب کے دوران پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی، قومی یکجہتی، سماجی خدمت اور مختلف مذہبی برادریوں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ ملک کی ترقی کے لیے باہمی احترام، برداشت، رواداری اور اتحاد کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 20

پی ایم اے کو متعدد بار درخواستیں دینے کے باوجود آخر کب تک شہری اس اذیت میں مبتلا رہیں گے تحصیل جہانگیرہ نو دیہہ میں جی ٹی روڈ پر بارش ہوتے ہی صورتحال انتہائی خراب ہو جاتی ہے بڑا نالا طویل عرصے سے بند ہونے کے باعث بارش کا پانی سڑک پر جمع ہو جاتا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ دکانداروں اور کاروباری حضرات کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نالی کی صفائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ نمبر 21

ہی کر سکتی ہے تھر کول سے سستی ترین بجلی پیدا کرنا اور مقامی افراد کو قومی دھارے میں شامل کرنا بھی پیپلز پارٹی کے حصے میں آیا ہے جبار ستی نے کہا کہ دوسری طرف پنجاب کے عوام سیلابی پانی اور مہنگائی کے سونامی میں ڈوبی ہوئی ہے مریم نواز صاحبہ اپنی حکومت کا کوئی ایک سنہری کارنامہ بتا دیں جس کی وجہ سے آزاد کشمیر میں انہیں عوامی مینڈیٹ ملتا کشمیر میں انہیں عوامی نہیں بلکہ دھاندلی حکومت میں لے آئی جو چند مہینے بھی نہیں چل سکی جبار ستی نے کہا کہ کشمیر اور پنجاب کی عوام کی اکثریت پیپلز پارٹی کے ساتھ ہے انشاء اللہ ※ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک میں جلد عوامی راج قائم ہوگا۔

بقیہ نمبر 22

اور بچوں کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تعریفی سرٹیفکیٹس اور انعامات سے نوازا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر نے ہونہار طلبہ کو مستقبل میں مزید محنت اور لگن کے ساتھ آگے بڑھنے کی تلقین کرتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیمی کامیابیاں نہ صرف ان کے والدین بلکہ محکمہ اور معاشرے کے لیے بھی باعث فخر ہیں۔ محمد حارث سلیم کی نمایاں کامیابی پر ان کے والد انسپکٹر عابد سلیم اور اہل خانہ کو بھی مبارکباد پیش کی گئی۔ ان کی 1200 میں سے 1088 نمبروں کی کامیابی اس امر کی عکاس ہے کہ محنت، والدین کی رہنمائی اور اساتذہ کی توجہ سے بچے تعلیمی میدان میں نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 23

مصلحتوں سے بالاتر ہو کر اجتماعی عوامی مفادات کے تحفظ کی صلاحیت رکھتے۔ حکومت اور اسکی اتحادی جماعتیں اور الیکشن کمیشن اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی سے خوفزدہ ہیں۔ الیکشن کمیشن نے بلدیاتی نمائندوں سے تین بار انتخابی فیس کی مد میں کروڑوں روپے وصول کیے اور بار بار بلدیاتی انتخابات ملتوی کئے۔ الیکشن کمیشن کے غیر آئینی اور غیر جمہوری عمل پر عدلیہ اور سیاسی جماعتوں نے مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ بلدیاتی نمائندوں کو اپنے پیسوں کا حساب کتاب کرنے پر منتقق کر کے عوامی اور قانونی عدالت میں جمہوری مقدمہ لڑوں گا

بقیہ نمبر 24

فورس مری نے منشیات کی اسمگلنگ اور فروخت کی روک تھام کے لیے مختلف علاقوں میں خصوصی کریک ڈاؤن کیا۔ کارروائی کے دوران ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا جو مبینہ طور پر منشیات سپلائی کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کے قبضے سے 1052 گرام چرس اور 50 گرام کرسٹل آئس برآمد ہوئی

بقیہ نمبر 25

بڑا ہو جائے کہ حکومت اور عوام کے درمیان فاصلہ بڑھ جائے تو انتظامی مسائل پیدا ہونا فطری امر ہے۔ آبادی کا بڑا حجم، صوبائی انتظامی صلاحیتوں کیلئے پیچیدہ انتظامی چیلنجز کا سبب بنتا ہے۔ چھوٹے انتظامی یونٹس کا تصور اسی لیے اہم ہے کہ نسبتاً محدود علاقے میں حکومت کیلئے انتظامی نگرانی وسائل کی منصوبہ بندی اور عوامی مسائل کا فوری ازالہ آسان ہو سکتا ہے۔ پاکستان کا ایک بڑا اور بنیادی نوعیت کا انتظامی مسئلہ اختیارات کی مرکزیت ہے۔ اگر صوبائی حکومتیں تمام اختیارات اپنے پاس رکھیں اور مقامی حکومتیں مالی اور انتظامی طور پر بے اختیار ہوں تو صوبوں کی تعداد بڑھنے کے باوجود عام شہری کو خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوگا۔ جب مقامی حکومتیں با اختیار ہوں، اختیارات واضح ہوں اور منتخب نمائندے اپنے علاقے کے مسائل کیلئے جوابدہ ہوں تو جمہوری عمل عوام کی روزمرہ زندگی سے جڑ جاتا ہے۔ وسائل کی منصفانہ تقسیم اس پورے عمل کا اہم حصہ ہے اور بلدیاتی نظام بھی اسی صورت کامیاب ہو سکتا ہے جب وسائل اور اختیارات اسے کسی صوبائی حکومت سے مستعار نہ لینا پڑیں وہ براہ راست ان اختیارات کی حامل ہو اور وسائل اسکی دسترس میں ہوں۔ اس لیے بلدیاتی نظام اکیلا نئے انتظامی یونٹس کا متبادل قرار نہیں دیا جا سکتا۔ بلدیاتی نظام تو آئین کی رو سے پہلے بھی موجود ہے مگر اس کے کہاں اور کتنا عمل ہوا اور کیا تبدیلی آئی؟ بلدیاتی اداروں کی کسمپرسی بذات خود بڑی دلیل ہے نئے صوبوں کی تشکیل کے حق میں۔ پاکستان کو اب اس بحث کو سیاسی نعروں سے نکال کر عملی پالیسی کی سطح پر لے جانے کی ضرورت ہے۔ نئے انتظامی یونٹس، مضبوط بلدیاتی ادارے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانا ہوگی۔ پاکستان کو بڑے صوبوں کی نہیں بہتر حکمرانی کی ضرورت ہے۔ اگر چھوٹے انتظامی یونٹس عوامی اختیار مضبوط بلدیاتی نظام شفاف وسائل کی تقسیم اور جوابدہ حکومت کے ساتھ قائم کیے جائیں تو یہ ملکی انتظامی اور معاشی مسائل کے حل کی جانب بڑی پیش قدمی ہوگی۔

بقیہ نمبر 26

پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن اینڈ کلچر پنجاب شازیہ رضوان نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور طلبات کی صلاحیتوں کو سراہا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شازیہ رضوان نے کہا کہ مجھے ہمیشہ کالج آکر بہت خوشی محسوس ہوتی ہے۔ بچیوں کو دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ آج ہماری بیٹیاں ہر شعبے میں آگے بڑھ رہی ہیں اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق وہ تاریخی دن تھا جب فیلڈ مارشل نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، اور ہم ہر سال اس دن کو قومی جوش و جذبے اور خوشیوں کے ساتھ مناتے ہیں۔ پاکستان کی بہادر افواج نے دشمن کے عزائم کو ناکام بنا کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ شازیہ رضوان نے کہا کہ جس طرح پاکستان اور چین کے درمیان دوستی کے 75 سال مکمل ہوئے ہیں، چین نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دے کر اپنی دوستی کا حق ادا کیا ہے۔ پاک چین دوستی باہمی اعتماد، احترام اور تعاون پر مبنی ایک مثالی تعلق ہے جو وقت گزرنے کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل بالخصوص طالبات پاکستان اور چین کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ تعلیمی اداروں میں ایسی تقریبات کا انعقاد طلبہ و طالبات میں قومی جذبے، تخلیقی صلاحیتوں اور بین الاقوامی شعور کو فروغ دیتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر شازیہ رضوان نے پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو مبارکباد دی اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پرنسپل ڈاکٹر فاطمہ گل، کالج اسٹاف اور طالبات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

بقیہ نمبر 27

قرآن پاک سے کیا اور ناظم سٹیج کے فرائض شہنشاہ نقابت شیراز عرفات نے انجام دیے۔ جبکہ ہدیہ نعت حافظ حبیب، عبداللہ الطاف نقشبندی، محمد شہباز حیدر، عبدالمتین نقشبندی، محمد عابد قادری نے پیش کیا محفل پاک کا اختتام درود و سلام کے ساتھ ہوا اور راجہ ظفر کے والد مرحوم راجہ عارف مرحوم و دیگر مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے اختتامی اجتماعی دعا علامہ سید قائم علی شاہ کاظمی نے فرمائی۔

بقیہ نمبر 28

کے پرجوش نعرے لگاتے ہوئے جی ٹی روڈ روانہ ہوگئی راجہ خالد، کاشف وارثی اور ان کے ساتھیوں نے کلب کیفے کے سامنے جبکہ جی ٹی روڈ پر فیضان رضا میلاد کمیٹی کے قاری طیب چشتی اور سلیقی فیملی کے ساتھیوں نے ریلی کے شرکاء کو پھول پیش کیے اور ریلی کا شاندار استقبال کیا ریلی کا اختتام قیصر مارکی للیانی پر ہوا جہاں مختصر محفل نعت ہوئی اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ مبشر حنان، شیخ ماجد حبیب نے سر انجام دیے تلاوت کلام پاک سے حافظ محمد عنصر ہرل آف سرگودھا نے محفل کا آغاز کیا۔ نعت چوہدری محسن اور نصیر چشتی نے پیش کی محفل سے خطاب کرتے ہوئے علامہ خالد محمود قادری نے کہا کہ کردار کی سچائی ہی اصل بنیاد ہے۔ نبی کریم ﷺ سے محبت اور عشق کا دعویٰ تب ہی حقیقی بنتا ہے جب ہم صرف نبی کو ماننے تک محدود نہ رہیں بلکہ ان کی تعلیمات کو مان کر زندگی گزاریں ریلی میں حاجی راجہ حسن اختر چوہان، حاجی خواجہ اعجاز، چاند مبین، راجہ آفتاب احمد، چوہدری محمد یاسر، راجہ محمد نعمان، حاجی محمد رمضان چشتی، حافظ محمد رمضان نقشبندی، حاجی راجہ واجد چوہان، چوہدری گل محمد صراف، عبد الہادی نصیروی، یاور منیر ملہوترہ، راجہ فرحان، راجہ ابرار احمد، راجہ احمد ابرار، مرزا نصیر وارثی، مرزا وقاص اکبر، راجہ واصف، راجہ خالد کیانی، چوہدری عالم، شیخ آصف، مرزا افتخار، راجہ سرفراز، چوہدری شہزاد گل، راجہ خرم شہزاد، سیٹھی وسیم، حافظ ظہور الاسلام چشتی، اور ابرار سمیت دیگر نے شرکت کی انتظامیہ کے ذمہ داران نے ریلی کو بھرپور تحفظ فراہم کیا ریلی میں عام شہریوں اور نوجوانوں کی بھی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کے اختتام پر اہل اسلام ملک پاکستان کی سالمیت کے لیے خصوصی دعا کی گئی اور شرکاء کی لنگر سے تواضع کی گئی

بقیہ نمبر 29

، شدید گرمی اور اس حبس کے موسم میں شہری آبادیوں میں دو دو ہفتہ سے پانی سپلائی نہ ہو رہا ہے جس کے باعث اہل علاقہ سخت ذہنی اذیت سے دوچار ہیں اس حوالہ سے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پانی کا مسئلہ حل کر کے روزانہ کی بنیاد پر شہر میں پانی سپلائی کیا جائے شہر میں گزشتہ کئی روز سے پانی کی ابتر صورتحال چل رہی ہے لیکن کوئی شنوائی نہ ہو رہی ہے اس حوالہ سے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ انتظامی و بلدیہ آفیسر اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے شہری آبادی میں جو پانی کی حوالہ سے مسئلہ چل رہا ہے اس کو سنجیدگی سے لیا جائے پانی ہر فرد کی ضرورت ہے اور اس موسم میں جو پانی سپلائی کے حوالہ سے صورتحال ہے اس سے عوامی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے فوری طور پر مسئلہ حل کر کے عوام کی مشکلات کو ختم کیا جائے شہریوں نے عوامی نمائندوں کی کارکردگی پر بھی سخت ردعمل کا اظہار کیا کہ گوجر خان سے منتخب ہونے والے نمائندے صرف ووٹ لینے کی حد تک ہیں عوامی مسائل سے انکو کوئی سروکار نہیں جو انتہائی افسوسناک عمل ہے شہریوں نے مزید کہا کہ شہر میں لاتعداد تنظیمیں موجود ہیں اس مسئلہ پر وہ خاموش تماشائی کا رول ادا کر رہی ہیں یہ صرف فوٹو سیشن تک ہی محدود ہیں شہری آبادی میں پانی کے مسئلہ کے حل کے لیے عوامی نمائندوں شہری تنظیموں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 30

میں مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ ملک میں پھولوں کی انڈسٹری ایک بڑے کاروبار کا درجہ رکھتی ہے جو آمدنی کا بڑا ذریعہ بھی ہے اور اس کے ساتھ لوگوں کا کاروبار بھی وابستہ ہے وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دے کر کہا کہ عوام میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لیے اس طرح کی نمائشیں پورے ملک میں منعقد ہونی چاہئیں انہوں نے نمائش کے انعقاد کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے وہ پی سی بھوربن میں ہارٹیکلچر سوسائٹی آف پاکستان کے زیر اہتمام 26 ویں دسمبر نمائش کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے نمائش کا افتتاح لارنس کالج گھوڑا گلی مری کے پرنسپل بریگیڈیئر (ر) جواد احمد ذکاء (ستارہ امتیاز ملٹری) نے کی تقریب سے سوسائٹی کے چیئرمین افتخار اعوان وائس چانسلر کوہسار یونیورسٹی مری ڈاکٹر پروفیسر رافعیہ ممتاز ریاض بخاری اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا جبکہ تقریب میں سوسائٹی کے وائس پریذیڈنٹ محمد شاعر اور پبلسٹی سیکرٹری محمد خالد بھی موجود تھے پی سی بھوربن میں ایک روزہ منعقدہ نمائش میں مختلف قسم کے پھول رکھے گئے تھے جسے شہریوں کے علاوہ ملک بھر سے آنے والے سیاح فیملیز نے خوب سراہا ایک روزہ نمائش میں لارنس کالج گھوڑا گلی پی سی بھوربن سی ایم ایچ سی ڈی اے فلوری کلچرل اور دیگر اداروں نے اپنے اپنے سٹال سجا رکھے تھے تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر مصدق ملک نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے اداروں کے درمیان شیلڈ ٹرافی اور نقد انعامات تقسیم کیے

بقیہ نمبر 31

نارکوٹکس فورس مری کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ کسی کو عوام الناس کی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ اس مکروہ کام میں ملوث افراد کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات سے پاک پنجاب، صحت مند اور محفوظ پنجاب ہمارا عزم ہے۔ عوام الناس بھی اس حوالے سے حکام سے تعاون کریں اور منشیات فروشی میں ملوث افراد کی نشان دہی کریں۔ عوام الناس ہیلپ لائن 1012 پر رابطہ کر کے ایسی کسی بھی سرگرمی کی اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 32

کے سامنے عہدے کا حلف اٹھایا۔ اس کے ساتھ عراق کے شہر اربیل میں نئے قونصل جنرل ڈاکٹر سلطان بن فرج آل نافل نے ریاض میں وزارت خارجہ کے ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ تقریب میں عہدے کا حلف اٹھایا۔ نئے قونصل جنرل نے حلف اٹھاتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے دین، اپنے بادشاہ اور وطن کے ساتھ مخلص رہیں گے۔ ریاست کا کوئی راز فاش نہیں کریں گے۔ ریاستی مفادات اور قوانین کا اندرون اور بیرون ملک تحفظ اور اپنا فرض سچائی، ایمانداری اور اخلاص سے انجام دیں گے۔ سعودی وژن 2030 کے حصے کے طور پر مملکت میں مختلف شعبوں میں خواتین کو با اختیار بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ سعودی عرب کی خواتین اب بطور سفیر، بین الاقوامی تنظیموں کی سربراہان، غیر ملکی مشنوں اور وفود کی رکن کے طور پر خدمات انجام دے رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 33

اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 29 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1832 گرام آئس 15 بوتلیں شراب مختلف بور کے 23 پستول ایک رائفل معہ ایمونیشن اور ایک خنجر برآمد کیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری سابقہ ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے جاری خصوصی مہم کے دوران مزید 5 مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر فوری دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک بنایا جا سکے

بقیہ نمبر 34

، کارکن اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور اپنے مستقبل کیلئے جرات کے ساتھ باہر نکلیں، 2022 تک خیبر پختونخوا میں امن تھا تاہم اس کے بعد کے حالات سب کے سامنے ہیں، بند کمروں میں کئے فیصلوں نے امن کو تباہ کر دیا، امن کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے، پختونخوا پولیس امن کی بحالی اور عوام کے تحفظ کیلئے سینہ سپر ہے، پولیس کے لیے 191 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا ہے، حکومت صوبے اور عوام کے خلاف ہر فیصلے کی مخالفت کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عمران خان نے امن قائم کیا اور قوم کی عزت نفس بحال کی وہ قوم کے مستقبل کیلئے ناحق قید کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں، ہم اپنے لیڈر کی رہائی کیلئے نکلیں گے، حقیقی آزادی کی جدوجہد میں عدلیہ اور میڈیا کی آزادی بھی بحال کرنا ہوگی

بقیہ نمبر 35

پیپلز پارٹی 12 ارکان کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے ساجد اقبال عباسی کے مسلم لیگ ن کی ٹیم کا حصہ بننے کا اعلان کیا، انہوں نے کہا کہ ساجد اقبال عباسی حلقے کی تعمیر و ترقی کے لیے مسلم لیگ ن کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دھیر کوٹ میں مسلم لیگ ن کے امیدوار راجہ فیصل اعجاز نے انتخاب لڑا تھا تاہم پارٹی عوام کے فیصلے کا احترام کرتی ہے، راجہ فیصل اعجاز اور ساجد اقبال عباسی بھائیوں کی طرح مل کر دھیر کوٹ کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 36

یہ ٹیکنالوجی پر مبنی آسان، قابل رسائی اور مربوط مالیاتی خدمات کی فراہمی ہے، زندگی، زونگ اور جے ایس بینک کا زیڈ والٹ اقدام اسی وژن کے تحت مالی شمولیت کو عام شہریوں تک وسعت دینے اور ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ بینکنگ کو یکجا کرنے کی جانب اہم پیشرفت ہے۔ پیر کو یہاں مقامی ہوٹل میں "زندگی، زونگ اور جے ایس بینک" کے باہمی اشتراک سے "زیڈ والٹ" کے آغاز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے ٹیلی کام کمپنی زونگ کو مختلف شعبوں کے درمیان اشتراک اور باہمی تعاون کی عمدہ مثال قائم کرنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت کے فروغ پر یقین رکھتی ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کیش لیس معیشت کے فروغ کے لئے نہ صرف اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی ہے بلکہ ٹیکنالوجی کے انضمام اور کیش لیس معیشت کی جانب پیش رفت کے عمل کی خود قیادت کر رہے ہیں تاکہ شفافیت اور مالی شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اس کمیٹی کی صدارت خود اس لئے سنبھالی کہ وہ ٹیکنالوجی پر یقین رکھتے ہیں اور ان کا وژن ہے کہ شہریوں کو فراہم کی جانے والی مالیاتی خدمات جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ اور ٹیکنالوجی پر مبنی ہونی چاہئیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے دور میں پہلا آئی ٹی بورڈ قائم کیا جسے آج پنجاب آئی ٹی بورڈ کے نام سے جانا جاتا ہے اور یہ ٹیکنالوجی پر مبنی سرکاری شعبے کا پہلا ادارہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت عام نہیں تھی، ہم سب کورونا کے دنوں میں زوم ایپلی کیشن سے متعارف ہوئے، اس وقت شہباز شریف نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب سرکاری شعبے میں پہلی ویڈیو کانفرنسنگ سروس متعارف کرائی تاکہ بہاولپور، ڈیرہ غازی خان اور ملتان سمیت پنجاب کے دور دراز علاقوں میں تعینات افسران کو اجلاسوں میں شرکت کے لئے لاہور کا طویل سفر نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے ٹیکنالوجی کا فروغ، شمولیت اور کارکردگی میں اضافے کا سفر شروع ہوا تاہم ٹیکنالوجی کے فروغ کا یہ عمل صرف ان اقدامات تک محدود نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ پر لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کا فلیگ شپ منصوبہ متعارف کرایا گیا تو اس پر بھی بہت تنقید ہوئی لیکن کورونا وباء کے دوران ملکی معیشت کے استحکام میں اسی ٹیکنالوجی نے اہم کردار ادا کیا، بڑی تعداد میں لوگوں نے گھروں سے کام کیا جبکہ طلبہ نے آن لائن تعلیم حاصل کی، اس تناظر میں ٹیکنالوجی کے فروغ کے موجودہ دور میں ایسے اقدامات نہایت خوش آئند ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پاکستان زیڈ والٹ اقدام کی مکمل حمایت کرتی ہے، ٹیکنالوجی اور مالی شمولیت کو یکجا کرتے ہوئے شہریوں کے لئے مالیاتی خدمات تک رسائی اور اس عمل میں شمولیت کو آسان بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بہترین اقدام اور شاندار شراکت داری ہے

بقیہ نمبر 37

پیر کو یہاں ملاقات کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد اللہ خان بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 38

کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی۔ سیکیورٹی فورسز سے جھڑپ میں 2 دہشت گرد ہلاک اور 3 زخمی ہوئے، ہلاک دہشت گرد کی شناخت مشتاق احمد عرف کو یار کے نام سے ہوئی۔ دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برآمد ہوا۔ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں

بقیہ نمبر 39

بنے گا، ہوش کے ناخن لیں سندھ میں لوگوں کو یوں نفرتوں کی جانب دھکیلنا چاہتے ہیں، صوبہ بنانے کے حوالے سے پنجاب اور کے پی کی صورتحال مختلف ہے۔

بقیہ نمبر 40

امریکی فوجیوں کو ہلاک یا گرفتار کرنے پر انعام کا اعلان کیا ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق جنرل امیر حاتمی نے کہا کہ امریکی فوجی کو ہلاک یا گرفتار کرنے والے کو 30 ہزار ڈالر انعام دیا جائے گا، جبکہ ایرانی خواتین کی جانب سے ایسا کرنے کی صورت میں انعامی رقم دگنی ہوگی۔ ایرانی آرمی چیف نے مزید کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقدامات میں سے ایک آبنائے ہرمز کی پوشیدہ صلاحیتوں کو متحرک کرنا ہے، جس کی افادیت موجودہ جنگ کے دوران زیادہ نمایاں ہوئی ہے۔ جنرل امیر حاتمی کے مطابق آبنائے ہرمز سے متعلق ایران کی برتری جنگ کے خاتمے کے لیے بنیادی شرائط میں شامل ہے اور اس کے ذریعے ایران پر منڈلاتے جنگ کے خطرے کو مستقل طور پر ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ایران اور امریکا کے درمیان جاری کشیدگی کے تناظر میں دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام کی جانب سے سخت بیانات کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ جنگ بندی اور مستقبل کے سیاسی انتظامات سے متعلق مذاکرات بھی اہم مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں

بقیہ نمبر 41

بلدیاتی انتخابات کیلئے حلقہ بندیوں سمیت دیگر ضروری انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، جبکہ پولنگ کی تاریخ طے ہونے کے بعد انتخابی عمل کا باقاعدہ شیڈول بھی سامنے آنے کا امکان ہے۔ الیکشن کمیشن اور پنجاب حکومت کے درمیان اجلاس کو بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 42

2 بچوں کی نعشیں نکال لیں، جس کے بعد حادثے میں جاں بحق افراد کی تعداد 14 ہوگئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ آٹھویں روز مظفر گڑھ کینال میں ڈوبنے والے دو مزید بچوں کی نعشیں نکال لی گئی ہیں، جبکہ ایک بچے کی تلاش کیلئے آپریشن بدستور جاری ہے۔ حکام کے مطابق ملنے والی نعشوں کی شناخت 6 سالہ منیب راشد اور 9 سالہ شاکر کے نام سے ہوئی۔

بقیہ نمبر 43

حماس کے رہنما خلیل الحیہ کی قیادت میں وفد کی مصر میں امریکی صدر کے مشرق وسطیٰ کے ایلچی جیرڈ کشنر سے ملاقات کے بعد سامنے آیا۔

بقیہ نمبر 44

کرنے پر سوال کیا جائے تو اسے سیاسی انتقام قرار دینا درست نہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب کا سندھ حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہنا تھا کہ جن کے صوبے میں ایک سڑک پر 8 ارب روپے کی کرپشن ہو جاتی ہے وہ پنجاب سے سوال کرتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے الزام عائد کیا کہ سندھ میں الیکٹرک پنکھوں سے لے کر پورے پورے امتحانی مراکز تک بکنے کی باتیں سامنے آتی رہی ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ سندھ میں ہونے والے معاملات اور اسکینڈلز پر بھی سوالات اٹھنے چاہئیں، سکینڈل سندھ میں ہوتے ہیں، پنجاب میں نہیں۔

بقیہ نمبر 45

کرے گا۔ خصوصی ڈیسک وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی ہدایت پر قائم کیا گیا۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو کا کہنا تھا کہ ڈیٹ سیکیورٹیز کے اجراء کو آسان، تیز رفتار اور کم لاگت بنا رہے ہیں، کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ کے فروغ سے طویل مدتی فنانسنگ کے ذرائع پیدا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 46

دہشتگردی بھارت کا مکروہ ایجنڈا ہے۔ بھارتی جریدے دی ہندو کے مطابق بنگلہ دیش نے واضح کیا ہے کہ بھارتی پراکسی حسینہ واجد کی حوالگی تک وزیر اعظم طارق رحمان بھارت کا دورہ نہیں کریں گے۔ ترجمان بنگلہ دیشی وزارت خارجہ اے کے ایم شاہد کریم نے کہا کہ وزیر اعظم طارق رحمان کے دورے سے پہلے بھارت کو موزوں ماحول پیدا کرنا ہوگا، بھارت مجرمہ شیخ حسینہ اور دیگر مفرور ملزمان کی حوالگی کے عمل کو تیز کرے۔ بھارتی جریدے کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم طارق رحمان عہدہ سنبھالنے کے بعد بھارت کے بجائے ملائیشیا اور چین کا دورہ کر چکے ہیں، بنگلہ دیشی عدالت نے مفرور شیخ حسینہ کو انسانیت کیخلاف جرائم کا مجرم قرار دے کر سزائے موت سنائی تھی، ماہرین کے مطابق خطے میں عدم استحکام کیلئے ہمسایہ ممالک میں مداخلت اور پراکسیز کی حمایت کیلئے بھارت کا مجرمان کو پناہ دینا عالمی قوانین اور اخلاقی اقدار سے عاری ہونے کا واضح ثبوت ہے

بقیہ نمبر 47

قانون کے مطابق بالکل جائز قرار دے دیا ہے اور اس حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے 6 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ تحریر کیا ہے، جس کے تحت عدالت نے نجی موبائل کمپنی کی اپیلیں منظور کر لیں۔ عدالت کا کہنا ہے کہ فائلنگ اور کوتی پر ملنے والے ٹیکس کریڈٹ سے سپر ٹیکس کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے، اور قانون کی دفعہ 168 کے تحت حاصل ہونے والا ٹیکس کریڈٹ ایک الگ اور مسلمہ قانونی حق ہے

بقیہ نمبر 48

کہا کہ دو ہفتے پہلے پاکستان کے سب سے طاقتور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی یہ بات کی اور اگلے دن ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی اس کی تائید کی۔ مقتدرہ کو اس بات کا ادراک ہو چکا ہے کہ نئے صوبے پاکستان کی ضرورت ہیں

بقیہ نمبر 49

میں یداللہ جوانی نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور اس پر نافذ انتظامات بھی جنگ سے پہلے کی صورتحال پر واپس نہیں جائیں گی۔ پاسداران انقلاب کے سیاسی نائب نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور ان کے اتحادی کئی ماہ سے کوشش کر رہے ہیں کہ آبنائے ہرمز کا کنٹرول ایران کے ہاتھ سے نکال لیں، لیکن وہ اس میں کامیاب نہیں ہوئے۔

بقیہ نمبر 50

چاروں ایڈیشنل ججز باقاعدہ طور پر پشاور ہائیکورٹ کے مستقل جج بن گئے ہیں۔ تقریب میں ہائیکورٹ کے دیگر ججز، جوڈیشل افسران اور وکلا کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا شاہ فیصل اتمانخیل اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل ثناء اللہ بھی موجود تھے۔ ہائیکورٹ بار کے صدر امین الرحمن یوسفزئی، خیبر پختونخوا بار کونسل کے اراکین اور سینئر وکلا بھی حلف برداری تقریب میں شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 51

ہوئی ہے جو اٹک کا رہائشی تھا۔ حکام کے مطابق حادثے میں مجموعی طور پر 30 افراد زخمی ہوئے جن میں سے 27 کو پمز اسپتال جبکہ 3 کو شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کیا گیا۔ کچھ زخمیوں کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد بھی فراہم کی گئی۔

بقیہ نمبر 52

جی پی فنڈ پر منافع کی شرح 12.46 فیصد تھی، جسے 41.0 فیصد پوائنٹس کی کمی کے بعد 12.05 فیصد کر دیا گیا ہے۔ محکمہ خزانہ پنجاب نے جی پی فنڈ کی شرح منافع سے متعلق باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا، خودمختار و نیم خودمختار اداروں اور تمام ڈویلپمنٹ اتھارٹیز کے سربراہان کو بھی فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا۔ محکمہ خزانہ کے مطابق جن ملازمین کے متعلقہ فنڈ رولز کے تحت منافع کی الگ شرح مقرر ہے، ان پر 12.05 فیصد کی شرح لاگو نہیں ہوگی۔

بقیہ نمبر 53

میں تھانہ چنتی میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق پولیس اہلکار اپنے ڈرائیور کے ہمراہ ضلع مہمند سے چند و سبزی منڈی جا رہا تھا کہ راستے میں ملزمان نے ان پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار موقع پر جاں بحق جبکہ ان کا ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق ابتدائی طور پر واقعہ مستورات کے تنازع کا شاخسانہ بتایا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واردات کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے تلاش جاری ہے

بقیہ نمبر 54

ہوا۔ قرضوں میں اوسطاً ہر روز 22 ارب 40 روپے سے زائد کا اضافہ بنتا ہے

بقیہ نمبر 55

طریقے سے جاری رہیں گے، شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ وہ ان دھرنوں میں آئیں اور بتائیں کہ یہ لیوی بھتہ قبول نہیں ہے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ جماعت اسلامی 25 کروڑ لوگوں کا مقدمہ لڑ رہی ہے، جنگ کے دوران بہانہ بنا کر پٹرول کی قیمتیں بڑھائی گئیں، یہ کہتے ہیں آئی ایم ایف کی وجہ سے قیمتیں بڑھائیں، حکمران آئی ایم ایف کے غلام بن چکے ہیں۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ پٹرول 225 روپے فی لیٹر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے بریفنگ کے لیے کمیٹی بنائی ہے، ہم کمیٹی کو دعوت دیتے ہیں وہ لاہور میں آئیں ہم میزبانی کریں گے، یہ دھرنا کسی پارٹی یا کسی کی ذات کے لیے نہیں بلکہ عوام کے لیے ہے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری نے کہا ہے کہ مطالبات کی منظوری تک کارکن چیئرنگ کراس پر موجود رہیں گے۔ جماعت اسلامی کا بنیادی مطالبہ پٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ اور پٹرول کی قیمت 225 روپے فی لیٹر مقرر کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 56

معروف چینی فارورڈ اسپورٹس اور چین کے ژونگ زی ہوا شین گروپ کے درمیان طے پایا ہے۔ معاہدے کے تحت پاکستانی مینوفیکچرنگ صلاحیت اور چینی سرمایہ کاری و تجربے کے امتزاج سے صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا، اس معاہدہ سے ٹیکنالوجی منتقلی، روزگار کے مواقع اور پاکستان کی اسپورٹس مصنوعات کی عالمی مارکیٹ تک رسائی میں اضافہ متوقع ہے۔ یہ شراکت داری پاکستان کی برآمدات کو متنوع بنانے اور عالمی فٹ ویئر مارکیٹ میں ملک کا حصہ بڑھانے میں معاون ثابت ہوگی، پاکستان میں صنعتی توسیع، پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور معاشی بحالی ایس آئی ایف سی کے تعاون اور سرمایہ دوست ماحول کا مظہر ہے۔

بقیہ نمبر 57

مشقیں محدود کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ میں نے حال ہی میں جنوبی کوریا کے صدر سے پوچھا کہ کیا وہ اسلامی جمہوریہ ایران کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے میں ہمارے ساتھ شامل ہونا چاہیں گے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ نہیں، شکریہ! ٹرمپ نے کہا کہ پینٹاگون سربراہ کو جنوبی کوریا کے ساتھ فوجی مشقیں کم کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ امریکی صدر کے مطابق اگر چہ اب ان مشقوں کو منسوخ کرنے میں بہت دیر ہو چکی ہے، لیکن وہ اس بات پر خوش نہیں ہیں کہ امریکا نے پہلے ان میں شرکت پر رضامندی ظاہر کی تھی۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ یہ مشقیں نہ صرف مہنگی ہیں بلکہ شمالی کوریا کو انتہائی نامناسب اور جارحانہ پیغام دیتی ہیں جو ان کے دور صدارت میں امریکا کے لئے کسی خطرے کا باعث نہیں بنا اور ہمیشہ احترام کا رویہ اختیار کیے رکھا۔ ٹرمپ نے کہا کہ شمالی کوریا کے کم جونگ ان کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں۔

بقیہ نمبر 58

کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے پر دستخط کیے، یہ اس بات کی علامت ہے کہ مشرق وسطیٰ اب اٹھا اور رہا ہے۔ اس معاہدے کا مقصد تینوں مسلم ممالک کے درمیان سیاسی اور فوجی تعاون کو مضبوط کرنا ہے۔ یہ ایک جامع دفاعی فریم ورک ہے جس کے تحت پالیسی سازی اور فیصلہ سازی میں ہم آہنگی لائی جائے گی۔ معاہدے کے تحت تینوں ممالک کے وزرائے دفاع، وزرائے خارجہ ※ فوجی سربراہان پر مشتمل ایک مستقل رابطہ نظام قائم کیا جائے گا تاکہ کسی بھی سیکیورٹی صورتحال میں فوری مشاورت ممکن ہو سکے۔ یہ معاہدہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مغربی ایشیا میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 59

کیلئے خطرہ ہیں۔ عراق میں ہمارے دفتر پر حملے کی مذمت کرتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کرد حکام کا کہنا ہے کہ حملے کے ذمہ داران کو نتائج کی مکمل ذمہ داری اٹھانی ہوگی۔ ترجمان کردستان وزیر اعظم آفس کے مطابق یہ حملے ایرانی سرزمین سے کیے گئے اور ان میں اربیل صوبے کے ضلع پیرمام ※ میں وزیر اعظم کے نجی دفتر اور خطے کی سیکیورٹی ایجنسی کے ڈائریکٹر کی رہائش گاہ کو نشانہ بنایا گیا۔ ڈرون حملوں میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ نمبر 60

اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے دورہ چین اور پاک چین بزنس ٹو بزنس کانفرنسز کے پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کے لیے نئے مواقع اور راستے کھولے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان بزنس ٹو بزنس روابط کے نتیجے میں مختلف شعبوں میں کروڑوں ڈالر مالیت کے متعدد مفاہمتی یادداشتوں اور مشترکہ منصوبوں (Joint Ventures) پر اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر نے اس امر پر زور دیا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاک چین معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کو ٹھوس اور قابل عمل منصوبوں میں تبدیل کرنے کے لیے واضح ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کافی نہیں،

بقیہ نمبر 61

کرد حملے کی مکمل تحقیقات کرے گا۔ تحقیقاتی کمیشن حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور دیگر جانی نقصان کے محرکات کا جائزہ لے گا۔ کمیشن حملے سے قبل اور دوران موجودہ و سابق پولیس افسران اور متعلقہ اداروں کے کردار کا تعین کرے گا۔ تحقیقاتی کمیشن سیکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی خامی، غفلت یا کوتاہی کی بھی نشاندہی کرے گا

بقیہ نمبر 62

ڈسٹیمینٹیشن کوریج اور سینیمیٹک ایڈیٹنگ کی ویڈیو نے کئی سوالات کو جنم دیا

بقیہ نمبر 63

ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے۔ ایران جنگ میں پیٹریاٹ میزائل اور ٹوما ہاکس جیسے جدید ہتھیاروں کا بڑا ذخیرہ ختم ہو جانے کی رپورٹس کو مسترد کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ امریکا نے صرف مونگ پھلی کے دانے جتنا اسلحہ استعمال ہوا ہے۔

اسلام آباد پولیس افسران وجوانوں کے لیے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا سلسلہ جاری ہے

اسلام آباد پولیس کے افسران وجوانوں کا دماغی معائنہ شروع

ذہنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ رویوں، دباو میں کام کرنے کی صلاحیت اور مختلف صورتحال میں فیصلہ سازی کے عمل کا جائزہ

مقصد جوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنا، کارکردگی کو بہتر بنانا اور جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے، حکام

اسلام آباد(پ ر) پولیس کے افسران وجوانوں کی استعدادِ کار اور ذہنی صلاحیتوں میں بہتری کے لیے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا سلسلہ جاری۔ سائیکولوجیکل ٹیسٹ کے ذریعے افسران و جوانوں کی ذہنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ رویوں، دباو میں کام کرنے اور مختلف صورتحال میں بروقت وموثر فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سید غلام مرتضیٰ کاظمی حقیقی درویش تھے۔ علامہ ہاشم حقانی

دربار عالیہ بٹنگی شریف کے سجادہ نشین کے وصال پر فاتحہ خوانی

فقیر کی اصل طاقت وری وزہد سخاوت وحلم ہوتا ہے

اسلام آباد(پ ر) سید غلام مرتضیٰ کاظمی حقیقی درویش تھے۔ علامہ ہاشم حقانی۔ فقیر کی اصل طاقت وری وزہد سخاوت وحلم ہوتا ہے جو آپکے اندر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ آپ سخاوت کا دریا بیکراں تھے۔ صاحبزادہ علی عباس حقانی۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم دین استاذ العلماء خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

امریکی سینیٹر وان ہولن کی ٹرمپ پر تنقید، ایران جنگ ختم کرنیکا مطالبہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی سینیٹر کرس وان ہولن نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ایران کے خلاف جاری جنگ ختم کرنے کا مطالبہ کردیا۔ کرس وان ہولن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ امریکی فوجیوں اور ان کے خاندانوں کی ضروریات اور مشکلات کو نظر انداز کرنا افسوسناک ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

حیدرآباد، دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے سے سیلابی صورتحال جبکہ مچھیرے مچھلیاں پکڑنے کیلئے اپنی زندگیاں خطرے میں ڈالے ہوئے ہیں

مشتاق بٹ کی فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

سچا صحافی اپنے عہد کی گواہی قلم، کیمرے اور الفاظ کے ذریعے تاریخ کے سپرد کرتا ہے، بیان

اسلام آباد(پ ر) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سابق سیکرٹری اطلاعات مشتاق احمد بٹ نے راولپنڈی اسلام آباد فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں صدر سجاد حیدر سمیت تمام عہدیداران اور گورننگ باڈی کے اراکین کے بلا مقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ مشتاق احمد بٹ نے نومنتخب صدر سجاد حیدر، سینئر نائب صدر جہانگیر چوہدری، نائب صدور ایم جاوید اور مدثر راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

عوامی قوت پارٹی گراس روٹ پر آگے بڑھ رہی، خاقان خواجہ

حکومت نے جو کام کرنے تھے وہ ہم خود کر رہے ہیں، اصغر علی جٹ سے گفتگو

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سابق رکن قومی اسمبلی اصغر علی جٹ کا سربراہ پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

سعودی عرب، قوانین کی خلاف ورزی پر 14 ہزار غیر ملکی گرفتار

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب میں مختلف قوانین کی خلاف ورزی پر ایک ہفتے کے دوران 14 ہزار سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کے تمام علاقوں میں مشترکہ سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ادب وعشق مصطفی ایمان کی علامت ہے، پیر حامد عزیز حمیدی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) ادب و عشق مصطفی ایمان کی علامت ہے میلاد النبی کو جوش و جذبے سے منانا اہل ایمان کا شیوہ ہے ان خیالات کا اظہار قائد اہلسنت محسن ملت حضرت علامہ صاحبزادہ پیر محمد حامد عزیز حمیدی سجادہ نشین آستانہ عالیہ مکان شریف کفری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

وی ایچ او وفد کی دھنی پیر دربار آمد، شاندار استقبال

چیئرمین راجہ ہارون نے معاشرتی فلاح، باہمی اتحاد، اتفاق اور یگانگت کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سالارِ قافلہ، ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت، اواز انسانیت ویلفیئر تنظیم (VOH) کے مرکزی چیئرمین راجہ محمد ہارون دھنیال کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد وی او ایچ ہیڈ آفس سے کروڑ اریاڑی کے لیے روانہ ہوا۔ مرکزی چیئرمین کے ہمراہ وفد میں تنظیم دھنی پیر شہید سرکار دربار کمیٹی کے اہم عہدیداران شامل تھے، جن میں: نمبردار راجہ صغیر احمد دھنیال (مرکزی جنرل سیکرٹری) راجہ ممتاز حیدر دھنیال (مرکزی نائب صدر) یاسر ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد چیمبر، جمعیت القریش میٹ، برج ویلفیئر کا آگاہی سیمینار

GTF دنیا بھر میں تھیلیسیمیا کے خلاف بھرپور جدوجہد کر رہی ہے، مقررین

اسلام آباد (پی پی اے) تھیلیسیمیا کے موذی مرض کے لیے جدید جنیاتی علاج کی دریافت ہوئی ہے اس حوالے سے اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز، آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن اور برج ویلفیئر آرگنائزیشن کے اشتراک سے اسلام آباد چیمبر میں تھیلیسیمیا جیسے موذی اور موروثی مرض کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

تہران، قطر میں مبینہ گرفتار 3 ایرانی پائلٹس کی تصاویر جاری

تہران (آئی این پی) ایران کی جانب سے مارچ میں قطر پر کیے گئے حملوں کے دوران لاپتہ ہونے والے ایرانی پائلٹس کا معاملہ اب شدید سفارتی اور بین الاقوامی توجہ کا مرکز بن گیا۔ تہران نے پہلی بار ان لاپتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مسیحی برادری کی ملکی ترقی میں خدمات قابلِ تحسین ہیں، ظفر بختاوری

یونائٹڈ چرچز آف کونسل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پاسٹر سیمسن سہیل کو شیلڈ پیش کی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر اور معروف کاروباری رہنما ظفر بختاوری نے ملک کی تعمیر وترقی، بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی خدمت اور قومی یکجہتی کے فروغ میں مسیحی برادری کی گرانقدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے یونائٹڈ چرچز آف کونسل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پاسٹر سیمسن سہیل کو خصوصی شیلڈ پیش کی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مری، یوم آزادی کی تقریب میں سول جج کاشف بنگش ودیگر وکلاء پرچم کشائی، کیک کاٹ رہے ہیں

پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل، تعلق مزید مضبوط ہو رہا ہے، شازیہ رضوان

معرکۂ حق وہ تاریخی دن تھا جب فیلڈ مارشل نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، ہر سال دن کو قومی جوش وجذبے کیساتھ مناتے ہیں

چین نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دے کر اپنی دوستی کا حق ادا کیا، پاک چین دوستی ایک مثالی تعلق ہے، ڈاکٹر فاطمہ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے کے حوالے سے گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن، بی بلاک میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن اینڈ کلچر پنجاب شازیہ رضوان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر کالج کی پرنسپل ڈاکٹر فاطمہ گل نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ تقریب کے دوران پاک چین دوستی کے حوالے سے منعقدہ مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

حضور نبی پاکؐ کی آمد کی خوشی تمام خوشیوں سے افضل، قائم شاہ کاظمی

اللہ پاک نے آپؐ کے ذکر کو بلند سے بلند تر کر دیا، الطاف حسین چشتی

اڈیالہ (نامہ نگار) اللہ پاک نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو بلند سے بلند تر کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کی خوشی تمام خوشیوں سے افضل ہے۔ مومنو جب تمہیں اللہ پاک کی نعمت ملے تو اس کا خوب چرچا کرو۔ ان خیالات کا اظہار علامہ سید قائم علی شاہ کاظمی اور علامہ الطاف حسین چشتی نے راجہ محمد عارف ہاؤس گورکھپور میں جشن ولادت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ محفل پاک کے مہمان خصوصی محمد بشیر راجہ اور صدارت مولانا حافظ الطاف حسین چشتی گولڑوی نے فرمائی۔ محفل کا آغاز حافظ محمد الطاف نے تلاوت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اڈیالہ، مولانا قائم علی شاہ، بشیر راجہ ودیگر محفل میلاد سے خطاب کررہے ہیں

عاشقانِ مصطفیٰ گوجرخان کے زیرِ اہتمام ریلی نکالی گئی

شرکا کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے، شرکا میں لنگر تقسیم کیا گیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) عاشقانِ مصطفیٰ گوجرخان کے زیرِ اہتمام ہر سال کی طرح امسال بھی استقبالِ ماہِ میلادِ مصطفیٰ ریلی کا اہتمام کیا گیا ریلی مقررہ وقت پر مسجدِ شیخاں بڑکی بدہال سے روانہ ہوئی ریلی کا مختلف مقامات پر عقیدت مندوں نے فقیدُ المثال استقبال کیا بڑکی بدہال میں حافظ بیکرز نے ریلی کے شرکا میں لنگر تقسیم کیا اسکے بعد ازاں ریلی آمد مصطفیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

گوجرخان میں پانی بحران سنگین، شہری سراپا احتجاج

مسئلہ حل کر کے روزانہ کی بنیاد پر شہر میں پانی سپلائی کیا جائے، مطالبہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں پانی کا مسئلہ سال ہا سال سے بد سے بدترین ہوتا جا رہا ہے، واٹر سپلائی پورا کرنے کے لیے نئے ٹیوب ویل اور بیک اپ کیلئے موٹریں درکار، بیوروکریٹس وعوامی نمائندے گوجرخان میں پانی بحران حل کرنے میں ناکام، شہری سراپا احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

گرین پاکستان پروگرام فروغ کی اشد ضرورت ہے، مصدق ملک

ملک میں پھولوں کی انڈسٹری ایک بڑے کاروبار کا درجہ رکھتی ہے، وفاقی وزیر

مری (نامہ نگار خصوصی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی آلودگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ گرین پاکستان پروگرام کو فروغ دینے کے لیے ماضی کی روایات کو ایک تحریک کے صورت میں زندہ کرنے کی اشد ضرورت ہے جس میں درختوں پودوں اور پرندوں کا بڑا کردار تھا جو ہماری سوسائٹی سے غائب ہیں انسانی زندگی پھول اور اس کی خوشبو کے مختلف رنگوں سے مزین ہے جس کے ماحول پر گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور ماحولیاتی آلودگی کے سدباب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

مری، وفاقی وزیر مصدق ملک کا فلاور شو کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

نودیہ مین جی ٹی روڈ پر نکاسی آب کا نظام تباہ حالی کا شکار

نالا بند ہونے کے باعث بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہو جاتا ہے، عبداللہ خٹک

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) تحصیل جہانگیرہ کے علاقے نودیہ مین جی ٹی روڈ پر نکاسی آب کا نظام عرصہ دراز سے تباہ حالی کا شکار ہے۔ تفصیلات کے مطابق حاجی عبداللہ خٹک و دیگر مقررنین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ بڑا نالا کئی سالوں سے بند ہونے کے باعث بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہو جاتا ہے، این ایچ اے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

طالبان حکومت خود خطے کو غیر مستحکم کرنے کیلئے پراکسی بن چکی ہے، عاصم افتخار

افغانستان میں موجود عسکریت پسند گروہوں کی جانب سے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں نمایاں اضافہ ہوا، مستقل مندوب

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ طالبان حکومت خود خطے کو غیر مستحکم کرنے کے لیے ایک پراکسی کے طور پر کام کر رہی ہے، جبکہ افغانستان میں موجود عسکریت پسند گروہوں کی جانب سے پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اڈیالہ، راجہ چنگیز، ذوالقرنین منہاس کے ماموں کی وفات پر نعیم اعجاز ودیگر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

موت برحق، دنیا آخرت کی کھیتی ہے، نعیم اعجاز

ہمیں دنیا کے ساتھ ساتھ فکر آخرت کی بھی ضرورت ہے

اڈیالہ (نامہ نگار) موت برحق ہے۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ ہم یہاں جو بوئیں گے آخرت میں وہی کاٹیں گے۔ ہمیں دنیا کے ساتھ ساتھ فکر آخرت کی بھی ضرورت ہے۔ دعا گو ہیں اللہ پاک چیرمین راجہ رزاق منہاس (مرحوم) کے برادر نسبتی اور راجہ چنگیز منہاس اور راجہ ذوالقرنین منہاس کے ماموں (مرحوم) کے درجات بلند فرمائے۔ ان خیالات کا اظہار چوہدری نعیم اعجاز ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری پنجاب نے چیئرمین ہاؤس گاؤں چھپر یونین کونسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پنجاب کے عوام سیلابی پانی اور مہنگائی کے سونامی میں ڈوبی، جبارستی

پیپلز پارٹی نے جمہوریت اور عوام کیلئے لازوال قربانیاں دیں، صدر پی پی مری

مری (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع مری کے صدر جبارستی نے پارٹی آفس سے جاری اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی کے قائدین نے ملک میں جمہوریت اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لئے لازوال قربانیاں دی ہیں 73 کا متفقہ آئین ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لئے ایٹمی ومیزائل ٹیکنالوجی دینا، قادیانیوں کو کافر قرار دینا، آٹھارویں ترمیم سے صوبوں کو بااختیار بنانا، غریب خواتین کو بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام دینا پیپلز پارٹی کے سنہری کارنامے ہیں ضلعی صدر جبارستی نے کہا کہ سندھ کے غریب کسانوں ہاریوں اور سیلاب زدگان کو 21 لاکھ گھر دینا پیپلز پارٹی جیسی وفاقی جماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

لیسکو، جلنے اور خراب ہونیوالے میٹرز کی جگہ پرانے میٹرز لگانے کا آغاز

لاہور (آئی این پی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے جلنے، خراب ہونے اور مختلف وجوہات کی بنا پر اترنے والے میٹرز کی جگہ پرانے میٹرز دوبارہ نصب کرنے کا عمل شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق نیٹ میٹرنگ اور نیٹ بلنگ کی بنیاد پر اتارے جانے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پنجاب نارکوٹکس فورس کا مری میں ایکشن منشیات فروش گرفتار مال ضبط

جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں

ملوث افراد کیخلاف گھیرا تنگ، منشیات سے پاک، صحت مند اور محفوظ پنجاب ہمارا عزم ہے، ڈی جی ریٹائرڈ مراد علی خان

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس مری نے منشیات فروش کیخلاف بڑی کارروائی عمل میں لائی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس، این سی ایس مری نے مری میں منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث 01 ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم سے 1052 گرام چرس اور 50 گرام آئس برآمد کرلی گئی۔ ڈائریکٹر کرنل (ر) مراد علی خان پنجاب کاؤنٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 34 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

مختلف بور کے 23 پستول، رائفل معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے جاری موثر کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 34 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق منشیات فروشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سعودیہ کی پہلی خاتون قونصل جنرل کی ہیوسٹن میں تقرری

ریاض (آئی این پی) امریکہ کے شہر ہیوسٹن میں سعودی عرب کی پہلی خاتون قونصل جنرل کا تقرر کیا گیا ہے۔ ایس پی اے کے مطابق نئی قونصل جنرل وفا بنت عبداللہ المرزوقی نے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

انسپکٹر عابد سلیم کے بیٹے کی تعلیمی میدان میں اہم کامیابی

1200 میں 1088 نمبر لے کر والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان ٹریفک وارڈن انسپکٹر عابد سلیم کے صاحبزادے محمد حارث سلیم نے تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 1200 میں سے 1088 نمبر حاصل کر کے اپنے والدین اور ادارے کا نام روشن کر دیا۔ محمد حارث سلیم فوجی فاؤنڈیشن نگیال کیمپس گوجرخان کے طالبعلم ہیں۔ ان کی شاندار تعلیمی کارکردگی پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نے ٹریفک سٹاف کے دیگر ہونہار بچوں کے ہمراہ انہیں بھی اپنے دفتر مدعو کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

غیر فعال سموں پر واٹس ایپ اکاونٹس خطرے کا باعث، پی ٹی اے

نمبر کنٹرول میں نہ رہنے سے کسی دوسرے صارف کو جاری کیے جا سکتے ہیں، حکام

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے صارفین کو خبردار کیا ہے کہ غیر فعال، منسوخ شدہ یا استعمال میں نہ رہنے والی سموں پر بنے واٹس ایپ اکاؤنٹس کو کسی بھی وقت بلاک کیا جا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

الامیر سکول کو پرائیڈ آف گوجرخان ایوارڈ سے نواز دیا گیا

منان احتشام نے راولپنڈی بورڈ میں پہلی اور پنجاب میں دوسری پوزیشن حاصل کرلی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) یوم پاکستان کے موقع پر حق ٹرسٹ کے زیر اہتمام تقریب میں الامیر فاؤنڈیشن سکول سسٹم اور میڈم صائمہ فیاض کو نمایاں خدمات کے اعتراف میں پرائیڈ آف گوجرخان ایوارڈ سے نوازا گیا الامیر ایجوکیشن سسٹم کی جانب سے ایوارڈ چیئرمین حارث امیر راجہ نے بانی بریگیڈیئر (ر) امیر افسر راجہ اور وائس چیئرمین شہلا منصور کی وساطت سے بریگیڈیئر (ر) اعجاز قمر کیانی سے وصول کیا جبکہ میڈم صائمہ فیاض نے ایوارڈ حق ٹرسٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

نئے صوبے بنانے سے زیادہ موثر بلدیاتی انتخابات ہونگے، جاوید انتظار

مقامی حکومت میں نئے صوبوں سے کم اخراجات ہونگے، چیئرمین آزاد عوام تحریک

اسلام آباد (پ ر) نئے صوبے بنانے سے زیادہ موثر بلدیاتی انتخابات ہوں گے۔ مقامی حکومت میں نئے صوبوں سے کم اخراجات ہونگے۔ نچلی سطح سے قیادت سامنے آکر عوامی مسائل کا جلد حل نکال لیں گے۔ سابق آزاد امیدوار قومی اسمبلی اسلام آباد، چیئرمین آزاد عوام تحریک جاوید انتظار نے اہلیان چھٹہ بختاور سے ملاقاتوں میں کہا کہ اسلام آباد شہری اور دیہاتی علاقوں کے لوگ سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

بلوچستان، پانچ روز گزر گئے، ڈھاڈر کی متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع نہ ہوسکا

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر کے قریب دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام 5 روز گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہوسکا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے مطابق کچھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مری، منشیات فروش چرس اور آئس برآمد

گرفتار ملزم مبینہ طور پر منشیات سپلائی کرنے کی کوشش کر رہا تھا

مری (پ ر) پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس نے مری میں منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے ایک کلو سے زائد چرس اور کرسٹل آئس برآمد کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

جشن آزادی گرلز شوٹنگ بال کپ کا انعقاد

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار جشن آزادی گرلز شوٹنگ بال کپ اور بوائز شوٹنگ بال میچز کا انعقاد۔ جوائنٹ سیکریٹری کراچی ڈویژن شوٹنگ بال ایسوسی ایشن ملک ناصر کی قیادت میں غازی اسپورٹس شوٹنگ بال کلب، شاہ فیصل گرانڈ کراچی میں منعقد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت سابق صوبائی وزیر محترمہ شمیم ممتاز نے کی، جبکہ مہمانِ خصوصی صوبائی وزیر برائے حقوقِ نسواں حکومتِ سندھ شاہینہ شیر علی تھیں۔ تقریب میں سابق ڈائریکٹر ایف آئی اے سید اسرار علی، جنرل سیکریٹری سندھ اولمپکس ایسوسی ایشن احمد علی راجپوت، انیسہ بوگھیو، نازش پروین، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ٹرمپ کی جنوبی کوریا کیساتھ مشترکہ فوجی مشقیں کم کرنے کی ہدایت

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پینٹاگون کو جنوبی کوریا کے ساتھ ہونے والی مشترکہ فوجی مشقوں میں نمایاں کمی کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ یہ مشقیں 10 روز تک جاری رہنے والی تھیں اور ان کے آغاز سے چند گھنٹے قبل صدر ٹرمپ نے ان میں بڑی حد تک کمی کا حکم دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے فوجی مشقوں میں کمی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

انتظامی یونٹس یا صوبے، کنفیوژن کیا ہے؟

پاکستان کا بڑا اور بنیادی نوعیت کا انتظامی مسئلہ اختیارات کی مرکزیت

ملک کو بڑے صوبوں کی نہیں بہتر حکمرانی کی ضرورت ہے

رخت سفر — بشارت کھوکھر

ملک عزیز میں گورنس، انتظامی کارکردگی اور عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں درپیش مشکلات ایک عرصے سے قومی بحث کا موضوع ہیں۔ یہ سوال جب بھی زیر بحث آتا ہے ملک کے انتظامی نقشے پر ضرور سوال اٹھتے ہیں۔ اصل میں اس حقیقت کا ادراک بہت پہلے ہو چکا تھا کہ ملک میں انتظامی بحران سے نمٹنے کیلئے نئے صوبوں کی تشکیل ضروری ہے۔ اس غرض سے مختلف حکومتوں میں غور وفکر یا کام کی نوبت بھی آئی۔ یہی کام دنیا کے اکثر ممالک میں بھی ہوا، مگر جو کام وہاں بلا حیل و حجت انجام پا گیا ہمارے ہاں اسے کئی سیاسی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا اور یہ ضروری کام جو اصولی طور پر نصف صدی پہلے ہو جانا چاہیے تھا، تا حال تشنہ تکمیل ہے۔ مگر اس سے وابستہ مسائل کم نہیں ہوئے بلکہ وقت کے ساتھ ان میں اضافہ ہوا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ قومی ضروریات کئی گنا بڑھ چکی ہیں مگر اس کیلئے جو انتظامی ڈھانچہ درکار ہے وہ استوار نہیں ہوسکا۔ نتیجتاً پاکستان وسائل کے باوجود مسائل کے جناتی چکر سے نکل نہیں پاتا۔ حالیہ دنوں یہ موضوع ایک بار پھر قومی مباحثہ کا حصہ بنا ہے اور ہر طبقے کے صاحبان رائے اور عوام اس حوالے بار پھر سے اپنی آرا کا اظہار کر رہے ہیں۔ گزشتہ روز اسلام آباد کے ایک تھنک ٹینک میں "کیا ملک میں نئے انتظامی یونٹس قائم ہونے چاہئیں؟" کے موضوع پر قومی مباحثے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کا تقاضا محض نقشے پر نئی حد بندی تک محدود نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ ریاستی نظام کو کس طرح اس قابل بنایا جائے کہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں، وسائل منصفانہ انداز میں تقسیم ہوں اور انتظامیہ فوری فیصلے کر سکے۔ ملک لوگوں سے بنتا ہے اور ریاستی نظام کا بنیادی مقصد بھی عوام کی فلاح و بہبود ہونا چاہیے۔ اگر کسی

SHEHAR NAMA Islamabad — شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے۔
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویدرپروف پرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083